www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | اتوار 06 جمادی الاول 1448ھ 18 اکتوبر 2026ء صفحات 24 | شمارہ 97
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 50 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com

بلوچستان میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سیاسی اختلافات کے باوجود دہشتگردی کیخلاف مشترکہ موقف قومی مفاد کی اہم مثال ہے، سرفراز بگٹی

مولانا فضل الرحمن اور ان کی جماعت خود بھی دہشت گردی کے واقعات کا نشانہ بنتے رہے ہیں، توقع ہے کہ وہ اس حساس قومی مسئلے پر رائے قائم کرتے ہوئے فورسز کی قربانیوں کو بھی ملحوظ رکھیں گے

بلوچستان اور کے پی حکومتوں کا موازنہ کرتے ہوئے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ دونوں صوبوں میں دہشت گردی کے خلاف عملی اقدامات کیا ہیں، اور ریاستی اداروں کیساتھ تعاون کی صورت حال کیا ہے

صوبے کی سیاسی قیادت اور جمعیت علمائے اسلام، نیشنل پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) اور دیگر پارلیمانی جماعتیں بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ موقف رکھتی ہیں، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن کے ساتھ ان کے ذاتی تعلقات عزت و احترام پر مبنی ہیں اور وہ ان کی سیاسی بصیرت اور تجربے کا احترام کرتے ہیں۔ تاہم خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ کرتے ہوئے خصوصاً دہشت گردی، قومی سلامتی اور قومی و عسکری قیادت کے حوالے سے اظہار خیال کرتے وقت زمینی حقائق، ریاست کو درپیش چیلنجز اور دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ مولانا فضل الرحمن اور ان کی جماعت خود بھی دہشت گردی کے واقعات کا نشانہ بنتے رہے ہیں، اس لیے توقع ہے کہ وہ اس حساس قومی مسئلے پر رائے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی پہلے ہی نافذ ہوجانی چاہیے تھی، نواز شریف

تحریک انصاف نے گزشتہ 13 سال میں خیبر پختونخوا کو نقصان پہنچایا

گوجرانوالا (م ڈ) سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی پہلے ہی نافذ ہوجانی چاہیے تھی۔ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال خراب ہوچکی تھی۔ لندن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نواز شریف........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

جولائی تا ستمبر 2026 تک توشہ خانہ کا ریکارڈ جاری

صدر وزیراعظم اور وفاقی وزراء کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات پیش

اسلام آباد (آئی این پی) کابینہ ڈویژن نے جولائی سے ستمبر 2026 کی سہ ماہی کا توشہ خانہ ریکارڈ جاری کر دیا جس میں صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزرا سمیت اہم سرکاری شخصیات کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات شامل ہیں۔........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نواں کلی میں تربیتی طیارے کے حادثے میں انسانی جانیں بچانے والے نوجوان حکمت اللہ کو سماجی خدمات کے اعتراف میں سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں مجبوری میں ایمرجنسی لگانی پڑی، وزیراعظم

آئے روز دھمکیاں اور لانگ مارچ کئے جارہے تھے، خاموش تماشائی بن کر تباہی ہوتی نہیں دیکھ سکتے تھے

سابق وزیر اعلیٰ کو کہا دہشتگردی کیخلاف مل کر چلیں، جواب میں لانگ مارچ کی دھمکیاں ملیں، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں مجبوری میں ایمرجنسی لگانی پڑی، آئے روز دھمکیاں اور لانگ مارچ کئے جارہے تھے۔ نہیں دیکھ سکتے تھے۔ گوجرانوالا میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں مجبوری میں ایمرجنسی لگانی پڑی، خاموش تماشائی بن کر تباہی ہوتی نہیں دیکھ سکتے تھے۔ خیبر پختونخوا کی ترقی اور خوشحالی کیلئے حاضر ہیں۔ انہوں........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی پشاور میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اپنی سرحدوں کے تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا، کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ

ملک کا ہر انچ محفوظ ہے، سرحد پار دراندازی کسی قیمت پر برداشت نہیں، کسی بھی خلاف ورزی کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا

افواج پاکستان نے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، جنرل سید عامر کا پی ایم اے میں پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ پاکستان اپنی سرحدوں کے تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، خلاف ورزی کرنے والوں کو سخت جواب دیا جائے گا۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں منعقدہ پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے جنرل سید عامر رضا نے کہا کہ ملکی سلامتی، وقار اور تحفظ کی بھاری ذمہ داری اب ہمارے........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج کی جانب سے افغان طالبان کی دراندازی پر جوابی کارروائی کی جارہی ہے طالبان کے تباہ ہونیوالے ٹھکانوں سے دھواں اٹھ رہا ہے

سرحدی فورسز کی جانب سے افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ کا بھرپور جواب، تازہ سیکٹر غوز گڑھی سرحد پر حملہ آوروں کو پسپا ہونے پر مجبور کردیا

افغان دراندازی پاک فوج کی جوابی کارروائی درجنوں طالبان ہلاک ٹھکانے تباہ

اپر کرم سیکٹر میں پاک فوج نے آرٹلری فائر کے ذریعے افغان طالبان کی تاپسر پوسٹ اور شپولا میں کیمپ کو نشانہ بنایا جوابی کارروائی کے نتیجے میں شپولا میں کیمپ مکمل طور پر تباہ، طالبان پوسٹیں چھوڑ کر فرار

جوابی کارروائی میں طالبان اہلکاروں نے سرحدی پوسٹیں خالی کردیں، طالبان کی بلااشتعال کارروائی کیخلاف پاک فوج سرحدوں کے دفاع اور ملکی سلامتی کیلئے ہروقت چوکس اور پُرعزم ہے، سیکورٹی حکام

افواج پاکستان ملکی سرحدوں کی حفاظت کیلئے چوکس ہیں، خیبر پختونخواہ کے علاقوں میں افغان طالبان کی دراندازی کیخلاف پاک فوج کی جانب سے بھرپور جواب لائق تحسین ہے، سیاسی قائدین

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک افغان سرحد پر افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ، سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں متعدد طالبان اہلکار ہلاک اور بیس کیمپ تباہ کردیئے گئے تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا میں پاک افغان سرحد پر افغان طالبان کی جانب سے بلا اشتعال فائرنگ کی گئی جس پر سیکورٹی فورسز نے فوری اور موثر جواب دیتے ہوئے متعدد افغان طالبان اہلکاروں کو ہلاک اور بیس کیمپ کو تباہ کردیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق تائدہ سیکٹر، اپر کرم اور غوز گڑھی میں افغان طالبان کی جانب سے بلا اشتعال فائرنگ کی گئی۔ سیکورٹی ذرائع........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم و اپوزیشن لیڈر کی ملاقات، حکومت نے تیسری جگہ کی شرط مسترد کردی

شہباز شریف اور محمود خان اچکزئی کی ملاقات وزیراعظم ہاؤس میں ہی ممکن ہے، مشیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے قومی اسمبلی میں اپوزیشن........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وام تنگی سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 4 دہشتگرد ہلاک

کارروائی کے دوران فورسز نے ہلاک ہونیوالے دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، خود ساختہ بم اور گاڑی برآمد کرلی

دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو بھی تباہ کردیا گیا، علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری، کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کے عملے نے وام تنگی زیارت میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ سینیٹائزیشن آپریشن کے دوران 4 دہشتگردوں کو ہلاک کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، خودساختہ بم اور گاڑی برآمد کرلیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے زیارت کے علاقے وام تنگی........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ہر ناانصافی گالی پتھر اور ہر لاٹھی کا حساب مانگیں گے، محمود اچکزئی

پشتونوں دہشت گرد نہیں پرامن لوگ ہیں، متحد ہو کر پرامن اور متفقہ جرگہ کرینگے، ہم دنیا کو بتائیں گے کہ ہم پر ظلم ہورہا ہے

اگر پاکستان کی عدالتوں میں ہماری بات نہیں سنی تو ہم اپنے حقوق کے لیے عالمی عدالتوں میں جائیں گے، اپوزیشن لیڈر

پشاور (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

تیل بردار ٹینکر بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا، ایران

جہاز میں 20 لاکھ بیرل سے زائد خام تیل تھا، پاسداران انقلاب

تہران (م ش) ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں ایک اور بڑے تیل بردار جہاز کو سمندری بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد آگ لگ گئی۔ اس جہاز میں 20 لاکھ بیرل سے زیادہ خام تیل موجود تھا۔........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی کی بازیابی کی درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

پشاور (م ڈ) پشاور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اور اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی کی بازیابی کی درخواستیں سماعت کیلئے........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

متنازع بیان کا شوق نہیں، پارلیمانی بالادستی چاہتے ہیں، مولانا فضل الرحمان

تنقید اداروں پر نہیں بلکہ ان پالیسیوں پر ہوتی ہے جو وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ملک کے مفاد میں نہیں

لاہور (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ انہیں متنازع بیان دینے کا کوئی شوق نہیں، وہ اصلاح کی نیت سے تنقید کرتے ہیں اور پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں۔ وہ جے یو آئی کے مرکزی رہنما بلال میر کے........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران بارڈر کی بندش کے تناظر میں عوام کو آگاہ رہنا چاہیے، شاہد رند

بارڈر کی عارضی بندش کے حوالے سے سوشل میڈیا پر مختلف افواہیں پھیلائی جارہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ پاک ایران بارڈر کی عارضی بندش کے حوالے سے سوشل........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی قومی المیہ، سیاسی سودے بازی کا آلہ نہیں، صادق سنجرانی

شہداء کے خاندانوں کے مصائب احترام کے مستحق، سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے نہ کی جائے

کوئٹہ (پ ر) رکن صوبائی اسمبلی و بلوچستان عوامی پارٹی کے........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ضلعی انتظامیہ کی غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائیاں لائق تحسین ہیں، تنظیم تاجران

کوئٹہ ویسٹ میں تجاوزات، ورگداگروں، ون ویلنگ، موٹرسائیکل ریسنگ دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کو سراہتے ہیں

ون ویلنگ اور موٹر سائیکل ریسنگ انتہائی خطرناک سرگرمیاں ہیں، سڑکوں پر سفر کرنے والے شہریوں کی جانوں کو خطرات لاحق ہوتے ہیں

راستوں کی بندش اور تجاوزات ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بلکہ دکانداروں اور خریداروں کے لیے بھی پریشانی کا باعث بنتی ہیں، کاشف

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے ڈپٹی کمشنر ویسٹ منیر احمد درانی، اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر و دیگر حکام کی جانب سے کوئٹہ ویسٹ میں تجاوزات، پیشہ ور گداگروں، ون ویلنگ، موٹر سائیکل ریسنگ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ شہری مسائل کے حل، عوام کے تحفظ اور کاروباری ماحول کی بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ ایسے اقدامات سے شہر میں نظم وضبط برقرار رکھنے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ تجاوزات کے باعث بازاروں، سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر آمد ورفت متاثر ہوتی ہے، جس سے عام شہریوں اور تاجروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کاروباری مراکز میں راستوں کی بندش اور غیر قانونی تجاوزات نہ صرف ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بنتی ہیں بلکہ دکانداروں اور خریداروں کے لیے بھی پریشانی کا باعث بنتی ہیں۔ اسی لیے تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائیوں کا تسلسل برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے پیشہ ور گداگروں کے حوالے سے کہا کہ بعض عناصر مستحق اور ضرورت مند افراد کے نام پر شہریوں اور تاجروں کی ہمدردی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان سے رقم بٹورتے ہیں۔ بازاروں اور دکانوں پر بار بار پیسے مانگنا اور شہریوں پر رقم دینے کے لیے دباؤ ڈالنا کاروباری طبقے کے لیے مشکلات پیدا کرتا ہے۔ ایسے عناصر کی وجہ سے حقیقی مستحق افراد کی مدد کرنے کا جذبہ بھی متاثر ہوتا ہے۔ ضرورت مندوں کی مدد کرنا قابل قدر عمل ہے، تاہم اس نام پر لوگوں کو دھوکا دینے اور ان کی ہمدردی کا ناجائز فائدہ اٹھانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ ون ویلنگ اور موٹر سائیکل ریسنگ انتہائی خطرناک سرگرمیاں ہیں، جن سے نوجوانوں اور سڑکوں پر سفر کرنے والے شہریوں کی جانوں کو خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ تیز رفتاری اور خطرناک کرتب کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں، لہٰذا ان سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر ویسٹ منیر احمد درانی، اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر کی جانب سے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں کرنا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنا انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ تجاوزات، پیشہ ور گداگری، ون ویلنگ، موٹر سائیکل ریسنگ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف اسی طرح موثر کارروائیاں جاری رکھے گی تاکہ کوئٹہ ویسٹ میں شہریوں اور تاجروں کو محفوظ، منظم اور بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے۔

کوئٹہ: عہدیداران، پریس کانفرنس کررہے ہیں

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو کا مری کالونی سڑک اور گرلز مڈل اسکول کا اچانک دورہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ تعمیرات و مواصلات (سی اینڈ ڈبلیو) کے ایگزیکٹو انجینئر محبت مری نے مری کالونی میں زیر تعمیر سڑک اور مری آباد گرلز مڈل اسکول کا اچانک دورہ کیا۔ ... مری نے کام کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جاری ترقیاتی اسکیموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد میسر آسکیں۔

اولیاء اور صوفیاء کرام کی تعلیمات دین اسلام کے عین مطابق ہیں، ذوالفقار طارق

متکران اولیاء کرام، صوفیاء کرام اور علماء کرام کی تعلیمات کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں

... سلسلہ قادریہ کے خلیفہ فقیر امتیاز حسین سروری قادری سے ملاقات کی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اولیاء کرام، صوفیاء کرام اور علماء کرام کی تمام تعلیمات دین اسلام کے دائرے میں ہیں۔ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت ان بزرگ ہستیوں کی تعلیمات کو مسخ کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ روحانیت کی حقیقی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ انسان ... اسلامی تعلیمات کی پیروی کا تقاضا کرتی ہے۔ یہ بات قابل توجہ ہے کہ جو افراد خود کو صوفی کہلاتے ہیں لیکن دین اسلام کی بنیادی تعلیمات پر عمل نہیں کرتے، وہ حقیقی تصوف کی نمائندگی نہیں کرسکتے۔ ایسے طرز عمل سے نہ صرف تصوف کے حقیقی تصور کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ اولیاء کرام، صوفیاء کرام اور علماء کرام کی تعلیمات کے بارے میں بھی غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں۔

کوئٹہ، بلوچستان سول سیکریٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری بلوچستان سول سیکریٹریٹ کے پلمبر گریڈ 4 کے ملازمین کو پلمبر سپروائزر گریڈ 11 کے پوسٹوں کی منظوری کے نوٹیفیکیشن دے رہے ہیں اس موقع پر بلوچستان سول سیکریٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے فنانس سیکریٹری میر مظفر زہری بھی موجود ہیں

سانحہ کارساز جمہوریت کی بقا، قربانیوں کی لازوال تاریخ ہے، ماہ جبین خالد جمالی

پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک دردناک باب ہے، کارکنوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا

پیپلز پارٹی کے جیالوں نے جمہوریت، آئین اور عوامی حاکمیت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما ماہ جبین خالد جمالی نے سانحہ کارساز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک دردناک باب ہے، جس میں جمہوریت اور عوامی حقوق کی جدوجہد کرنے والے کارکنوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی پر کراچی میں پیش آنے والا یہ المناک سانحہ آج بھی پوری قوم کے دلوں میں تازہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے جیالوں نے جمہوریت، آئین اور عوامی حاکمیت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ماہ جبین خالد جمالی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمیں جمہوری اقدار کے تحفظ، اتحاد، برداشت اور عوامی خدمت کا درس دیتی ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔۔۔۔

ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان کا فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں کا دورہ

ڈسٹرکٹ جیل گڈانی میں سولرائزیشن، بلدیہ پارک کی تزئین و آرائش منصوبے کا معائنہ

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان کا BSDI فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں کا دورہ کیا کام کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے BSDI فیز تھری کے تحت ضلع حب میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی دورہ کیا ... حکام سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کی رفتار اور معیار کے حوالے سے تفصیلات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی اسکیموں پر کام مقررہ معیار اور منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیا جائے، جبکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی ... بلدیہ پارک ... منصوبے کا معائنہ کیا اس موقع پر انہوں نے متعلقہ کمشنر کے ہمراہ تھے۔

18 اکتوبر۔۔۔۔سانحہ کارساز کی خون آلود تاریخ

تحریر: حکیم سعید مینگوری

18 اکتوبر 2007ء ہماری قومی تاریخ میں کسی المیے سے کم نہیں، جب وطن سے محبت رکھنے والے سینکڑوں بے گناہ افراد کو محض اس لیے شہید کردیا گیا کہ وہ دور دراز کی مسافتیں طے کرتے ہوئے کشمیر، گلگت، چترال، دیر، پشاور، راولپنڈی اور بلوچستان سمیت پورے پاکستان سے اپنی ہر دلعزیز رہنما قائد محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے استقبال کے لیے کراچی پہنچے تھے۔ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان اور عالم اسلام بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ایک نمایاں سیاسی رہنما کی حیثیت رکھتی تھیں۔ ان کی خداداد صلاحیتوں، حق گوئی، جرات اور جمہوری اصولوں سے وابستگی نے انہیں عوام کے دلوں میں ایک خاص مقام عطا کیا تھا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید پاکستان میں آئین و قانون کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور عوام کے بنیادی حقوق کی بحالی کی خواہاں تھیں۔ وہ ایک ایسے معاشرے کا خواب دیکھتی تھیں جہاں کسی شہری کے ساتھ ناانصافی نہ ہو، غریب کو انصاف کے حصول کے لیے در بدر نہ ہونا پڑے، اور اقتدار کا سرچشمہ عوام کی رائے ہو۔ آمریت، سیاسی انتقام، غربت اور محرومیوں کے شکار عوام کو اس وقت ایک ایسی قیادت کی ضرورت تھی جو ان کے دکھ درد کو سمجھے، ان کے زخموں پر مرہم رکھے اور انہیں بہتر مستقبل کی امید دلائے۔ بے نظیر بھٹو شہید کی شخصیت میں عوام کو یہی امید دکھائی دیتی تھی۔ پاکستان کے عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید اور بعد ازاں بے نظیر بھٹو شہید کی عوام دوستی، ہمدردی ...

ہر طرف افراتفری، چیخ و پکار، آہیں اور سسکیاں سنائی دینے لگیں۔ جو لوگ اپنی محبوب قائد کی ایک جھلک دیکھنے اور ان کا استقبال کرنے آئے تھے، ان میں سے متعدد اپنے گھروں کو واپس نہ لوٹ سکے۔ کئی خاندانوں کے چراغ گل ہوگئے، ماؤں کی گودیں اجڑ گئیں اور بچوں کے سروں سے شفقت کا سایہ اٹھ گیا۔ اس سانحے میں دو سو افراد شہید ہوئے جبکہ سینکڑوں زخمی ہوگئے۔ یہ واقعہ پاکستان کی سیاسی تاریخ کے خون آشام اور المناک ترین واقعات میں شمار ہوتا ہے۔ سانحہ کارساز محض ایک دہشت گرد حملہ نہیں تھا بلکہ اس نے جمہوری جدوجہد، سیاسی رواداری اور عوامی آزادیوں کے حوالے سے کئی سنجیدہ سوالات بھی اٹھائے۔ اس المناک واقعے نے واضح کردیا کہ جمہوریت کے سفر میں عوام کو کس قدر بھاری قیمت ادا کرنا پڑی ہے۔ ان شہداء نے کسی ذاتی فائدے کے لیے نہیں بلکہ اپنی سیاسی قیادت سے وابستگی اور جمہوری مستقبل کی امید میں اپنی جانیں قربان کیں۔ ان کی قربانیوں کو فراموش کرنا دراصل اس جدوجہد اور جذبے کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہوگا جس نے پاکستان میں جمہوریت کے تصور کو عوامی طاقت عطا کی۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ سانحہ کارساز کے زخم ابھی تازہ ہی تھے کہ 27 دسمبر 2007ء کو محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کو راولپنڈی میں ایک اور دہشت گرد حملے میں ہم سے چھین لیا گیا۔ یوں پاکستان ایک ایسی سیاسی رہنما سے محروم ہوگیا جس نے اپنی زندگی جمہوریت، عوامی حقوق اور سیاسی جدوجہد کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ ان کی شہادت نے پوری قوم کو سوگوار کردیا اور ملک کی سیاسی تاریخ میں ایک ایسا خلا پیدا کیا جسے آج بھی شدت سے محسوس کیا جاتا ہے۔ آج 18 اکتوبر کو ...

... سامنے جابروں کے جھک جاتے ہیں بے ضمیر، بے نظیر جیسا ایماں ہو جن کا، وہ ہر جابر کو للکارا کرتے ہیں

سینٹ یوجین ہائی اسکول میں رنگا رنگ نرسری کنسرٹ کا انعقاد

کوئٹہ (یو این اے) پرنسپل سینٹ یوجین ہائی اسکول سسٹر ڈیسیلا جیمز پال کی زیر قیادت نرسری کنسرٹ کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طارق الماس تھے، جبکہ چلڈرن اکیڈمی شو کے چیئرمین قمر عباس، شرافت مسیح ایگزیکٹو سیکریٹری چیریٹیز پاکستان کوئٹہ، افتخار مرتضیٰ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر سلمان منظور خلجی نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ پروگرام میں بچوں، اساتذہ اور والدین نے بھرپور شرکت کی۔ ننھے طلبہ نے مختلف رنگا رنگ ٹیبلو پیش کرکے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تقریب آج منعقد ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے زیر اہتمام "تعلیم سب کے لیے" کے عنوان سے ایک تقریب آج اتوار 18 اکتوبر کو سہ پہر 3 بجے نوری نصیر خان آڈیٹوریم افغانی روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگی۔ مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ ہوں گے۔ تقریب کا مقصد تعلیم کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کرنا اور بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اجتماعی شعور بیدار کرنا ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان نے اہل علم، سماجی شخصیات، والدین اور شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس اہم تقریب میں شرکت کرکے تعلیم کے فروغ اور روشن مستقبل کی اس جدوجہد میں اپنا کردار ادا کریں۔

ایڈووکیٹ محمد سلیم لاشاری نے انڈیپنڈنٹ پینل میں شمولیت اختیار کرلی

کوئٹہ (یو این اے) ممتاز قانون دان اور ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان ایڈووکیٹ محمد سلیم لاشاری ... اپنی پیشہ ورانہ خدمات کے باعث قانونی حلقوں میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ ان کی بطور ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان ذمہ داریاں بھی اہم نوعیت کی ہیں، جہاں اعلیٰ عدلیہ میں تقرری کے عمل سمیت عدالتی امور سے متعلق اہم معاملات زیر غور آتے ہیں۔۔۔

سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر لوٹ مار کا نوٹس لیا جائے، ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی

چیک پوسٹ پر تعینات دو اہلکار فی گاڑی تین ہزار روپے وصول کرتے ہیں، ٹرانسپورٹرز کا الزام

کمشنر اور ڈی سی قلات مبینہ بھتہ خوری کا نوٹس لے کر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کریں، ترجمان

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے ترجمان نے سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ خوری اور ٹرانسپورٹرز کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر قلات سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سنگین معاملے کا فوری نوٹس لے کر ٹرانسپورٹرز اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔ ترجمان نے الزام عائد کیا کہ سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر تعینات وہاب اور اسماعیل نامی اہلکاروں نے تیل بردار گاڑیوں سمیت ہر قسم کی گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور ٹرانسپورٹرز کے لیے مشکلات پیدا کر رکھی ہیں، جہاں مبینہ طور پر فی گاڑی تین ہزار روپے زبردستی وصول کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مبینہ بھتہ خوری کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید پریشانی کا شکار ہیں، جبکہ پہلے ہی مہنگائی، ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور مختلف سفری مشکلات نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کسی بھی چیک پوسٹ پر قانون کی آڑ میں ٹرانسپورٹرز کو مبینہ طور پر لوٹنا اور ان سے زبردستی رقم وصول کرنا ناقابل قبول ہے۔ متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کریں اور سرکاری اختیارات کے ناجائز استعمال کی شکایات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیں۔ انہوں نے کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر قلات سے پرزور مطالبہ کیا کہ سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ خوری کی فوری تحقیقات کرائی جائیں، شکایات میں نامزد اہلکاروں کے خلاف الزامات ثابت ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور ٹرانسپورٹرز کو اس مبینہ لوٹ مار سے نجات دلائی جائے، تاکہ وہ بلاخوف و ہراس اپنی تجارتی اور سفری سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

سیکرٹری پی ٹی اے عبدالمجید جوگیزئی کی ہدایت پر پی ٹی اے اور موٹروے پولیس مال بردار گاڑیوں کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

کوئٹہ کی اہم شاہراہوں پر ٹریفک کا دباؤ اور غیر قانونی پارکنگ، شہریوں کو مشکلات

سڑکوں کے کناروں اور بعض مقامات پر بے ترتیب پارکنگ کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہونے کی شکایات سامنے آرہی ہیں

تجارتی مراکز اور مصروف بازاروں میں ٹریفک کے دباؤ اور پارکنگ کے مسائل کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی اہم شاہراہوں اور بازاروں میں ٹریفک کی منظم روانی اور پارکنگ کے مناسب انتظامات کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ تجارتی مراکز اور مصروف تجارتی علاقوں میں گاڑیوں کی بے ترتیب پارکنگ اور سڑکوں پر غیر ضروری رکاوٹیں ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا کرسکتی ہیں، جبکہ رش کے اوقات میں شہریوں کو اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے اضافی وقت درکار ہوتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک کے مسائل کے حل کے لیے بجائے مستقل بنیادوں پر ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے شہریوں کو سہولت میسر آئے اور تجارتی سرگرمیاں بھی متاثر نہ ہوں۔ عوامی حلقوں نے ٹریفک پولیس، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر کی اہم شاہراہوں اور بازاروں میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں، غیر قانونی پارکنگ کی روک تھام کی جائے اور شہریوں کی سہولت ...

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ مرزا خان خلجی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کی کاواگی روڈ اور پارک سے ملحقہ روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ

کام کی رفتار کو مزید بہتر بنایا جائے، منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، فضل الرحمن

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ فضل الرحمن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت کاواگی روڈ اور پارک سے ملحقہ روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین روڈز ماجد ترین بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سڑکوں کی تعمیر کے مختلف مراحل، کام کے معیار، رفتار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ فضل الرحمن کبدانی نے ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، کام کی رفتار کو مزید بہتر بنایا جائے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے تاکہ تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہوں اور عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔ ...

کوئٹہ شہر کی نالیاں بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا، عوام کو مشکلات

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں نالیاں بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا ہے، جبکہ شہر کی اہم شاہراہوں اور سڑکوں کے کناروں پر کچرے کے ڈھیر لگنے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق شہر کے متعدد علاقوں میں صفائی اور نکاسی آب کا نظام متاثر ہونے کے باعث گندا پانی سڑکوں پر جمع ہو رہا ہے، جس سے نہ صرف آمدورفت میں مشکلات پیش آرہی ہیں بلکہ تعفن اور ماحولیاتی آلودگی میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ان سڑکوں خاص کر علمدار روڈ، شالدرہ، میکانگی روڈ سمیت دیگر علاقوں اور گلی محلوں میں کچرے کے ڈھیر بروقت نہ اٹھائے جانے کے باعث صورتحال مزید خراب ہو رہی ہے، جبکہ بند نالیوں کی صفائی نہ ہونے سے گندا پانی سڑکوں پر پھیل رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کی صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے، بند نالیوں کی ...

زرخرید زمین پر قبائلی سیاسی شخصیت کے قبضے سے واگزار کی جائیں، منظور احمد چنال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار کے رہائشی منظور احمد چنال نے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر، کمانڈر 12 کور اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار میں میری زرخرید زمین پر قبائلی سیاسی شخصیت کے قبضے سے واگزار کرا کر میرے حوالے کی جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے 1998ء میں اراضیات موضع شوکڑ و غوث بخش سوز اور اس کے نمائندے حاجی محمد حسین محمد حسنی سے مذکورہ زمین خریدی تھی اور باقاعدہ ریونیو ریکارڈ میں اسے اپنے نام منتقل کروایا تھا۔ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ سیاسی و قبائلی شخصیت نے غوث بخش سوز کے بیٹے عزیز احمد سوز سے ایک جعلی اسٹام پیپر بختیار نامہ لے کر میری زمینوں پر قبضہ کرنے کی کوشش کی اس حوالے سے خضدار میں نے ایک پرائیویٹ سکول کے لئے جدید بلڈنگ تعمیر کی تو بااثر شخص کو یہ ناگوار گزرا تعمیر مکمل ہونے کے بعد 20 فروری 2020ء کو مجھے مبینہ طور پر اغوا کروا کر قید کیا گیا اور سکول کو سیکورٹی کا بہانہ بنا کر بند کر دیا گیا اور قبائلی جرگہ کے ذریعے مجھ پر 3 کروڑ روپے جرمانہ عائد کر کے حبس بے جا میں رکھا گیا اور 3 کروڑ روپے وصول کرنے کے بعد بھی بااثر شخص کی ایما پر میرے سمیت دیگر لوگوں کی پلاٹس پر غیر قانونی سیٹلمنٹ سرکل 2 خضدار کے ذریعے اپنے نام کروائی گئیں اور 3 اپریل 2026ء کو بااثر شخص کے بیٹے مشیر بلدیات اور ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار میں درجنوں مسلح افراد کے ہمراہ شیرازی موضع شوکڑ میں فائرنگ کی اور بلڈوزر سے بندات اور چار دیواری کو مسمار کر کے زبردستی قبضہ کرنے کی کوشش کی۔ اس حوالے سے خضدار انتظامیہ اور پولیس کو تحریری درخواست دے کر تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا کمشنر قلات ڈویژن نے نوٹس لیکر نائب تحصیلدار محمد اشرف ...

کوئٹہ میں مہنگائی کے باعث عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ، قیمتوں پر کنٹرول کا مطالبہ

آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں، پھل اور دیگر بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے سے عام صارفین متاثر ہوتے ہیں

اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخ ناموں کے مطابق رکھنے، ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے اقدامات کیے جائیں

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے اور دکانداروں کو سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے، مطالبہ

... جاتی ہے۔ محدود آمدن والے خاندانوں کے لیے روزمرہ ضروریات پوری کرنا مشکل ہو جاتا ہے، جبکہ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخ ناموں کے مطابق رکھنے اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں، پھل اور دیگر بنیادی اشیائے ... متاثر ہوتے ہیں۔ خصوصاً یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدوروں، کم آمدن والے ملازمین اور محدود وسائل رکھنے والے خاندانوں کے لیے اخراجات میں توازن برقرار رکھنا ایک مشکل مرحلہ بن جاتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کی جانی چاہیے اور دکانداروں کو سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد کا پابند بنایا جانا چاہیے۔ ... عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ کے تمام بڑے بازاروں اور مارکیٹوں میں قیمتوں کی نگرانی کا نظام مؤثر بنایا جائے، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کی جائے اور عوام کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عام شہریوں کو معاشی مشکلات سے کسی حد تک ریلیف مل سکے۔

علی احمد سرپرہ کے بیٹے سجاد علی کو شہید کرنا قابل مذمت ہے، نیشنل پارٹی قلات

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی قلات ڈویژن سیکریٹری حمید بلوچ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکریٹری عبدالستار بلوچ نے قلات ضلع کے جنرل سیکریٹری عبدالرحمان سرپرہ کے بھتیجے اور علی احمد سرپرہ کے نوجوان بیٹے سجاد علی کو قلات میں دن دہاڑے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ پاک مقتول کی مغفرت فرمائے اور ...

کوئٹہ: عالمی یوم سفید چھڑی کی تقریب سے ... خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں سرکاری ٹھیکیداروں کے روزگار پر بااثر حلقوں کی اجارہ داری ہے

سرکاری املاک اور اداروں کی شناخت کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، خالد یوسف

پشتونخوا ایس او جنوبی پشتونخوا زون کی کانفرنس 27 اکتوبر کو ہوگی، وارث افغان

بھاگ نڑی کے سینئر صحافی مشتاق احمد کلوڑ کے انتقال پر اظہار تعزیت

مڈل کے امتحانات کے لیے یونین کونسل کرک میں امتحانی مرکز قائم کیا جائے، احمد لونی

پارٹی شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، حیات خان اچکزئی

کارساز کے شہداء کی قربانیاں جمہوریت کا روشن باب ہے، ملک نیاز

چوہدری شبیر، میر یونس اور عبدالحق جمالی کی خدمات پر خراج تحسین

ملا عبدالرزاق انتقال کرگئے



یونان کے ڈریگنز آف ایشیا میں دو اعزازات جیت کر پاکستان کا نام روشن کر دیا

صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ اپنے دفتر میں دفتری امور انجام دے رہی ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

آئی ایم ایف کی نان بینک مالیاتی اداروں سائبر حملوں اور دھوکا دہی کے خطرات پر نظر رکھنے کی ہدایت

توانائی شعبے اور مالی امور میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے دستیاب وسائل اور مالی گنجائش کم ہوتی جارہی ہے، مرکزی بینکوں کو قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے پر پوری توجہ مرکوز رکھنی چاہیے

بینک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے اجلاس جاری، وزیرخزانہ کی وفد کے ہمراہ مختلف ممالک کے بیٹھکوں اور یو این ڈی پی کے حکام سے مختلف امور اور سرمایہ کاری پر مذاکرات

وسائل سے مالا مال بلوچستان کے نوجوان روزگار سے محروم ہیں، عقیل احمد لغاری

بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار اور جدید ٹیکنالوجی کے مواقع فراہم کیے جائیں، صدر مرکزی مسلم لیگ

تنظیمی ڈھانچہ ٹاؤن اور یونین کونسل کی سطح پر مضبوط بنایا جائے گا، تقریب سے خطاب

بلوچستان کے بچے ذہین اور باصلاحیت ہیں، مواقع کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، عبدالنعیم زند

کوئٹہ کے 260 تعلیمی اداروں کے 2035 طلبہ و طالبات نے آفاق برین ٹیلنٹ ٹیسٹ میں شرکت کی

اس طرح کے مقابلے نئی نسل کی صلاحیتوں کو نکھارتے ہیں، خطاب

کوئٹہ: آفاق کے زیر اہتمام منعقدہ ٹیسٹ میں طلبہ و طالبات شریک ہیں۔

فورس کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری پر توجہ دی جائے، آئی جی

محمد سہیل چوہدری نے افسران و جوانوں کے مسائل کے حل کے احکامات دیئے

حکومت ڈیمز کی تعمیر اور زرعی شعبے کی بحالی کیلئے مؤثر اقدامات اٹھا رہی ہے، صادق عمرانی

پچھی کینال 24 سال اور ڈیمز کے منصوبے 20 سال سے نامکمل، زیر تعمیر منصوبوں کیلئے فنڈز کی فراہمی یقینی بنائی جائے، صوبائی وزیر

بلوچستان میں 200 ڈیمز کا منصوبہ فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث التوا کا شکار، بڑے ترقیاتی منصوبے تین سال میں مکمل کرنے کی تجویز

ڈکی میں تجاوزات اور گراں فروشی کے خلاف کارروائیاں جاری

تجاوزات اور گراں فروشی کے خلاف کارروائی، متعدد دکانیں سیل کردی گئیں

جامعہ تربت میں "اے آئی آگاہی سیشن" کا انعقاد

پھول بوٹے زمین کے حسن کو دوبالا کرتے ہیں، طارق شاہ بخاری

درختوں کی حفاظت بروقت پانی اور دیکھ بھال کرنے کی اشد ضرورت ہے

حافظ قرآن کی جام کمال خان میر زرین مگسی سے روزگار کی فراہمی کی اپیل

معذوری کے باعث روزگار سے محروم ہوں، ملازمت دی جائے

مکران میڈیکل کالج، تربت کے طلبہ ایف ایس پارٹ ون کا امتحان کامیاب

عارف خان نیچاری کی خدمات ناگزیر ہیں، استعفیٰ منظور نہیں کریں گے، لیبر فیڈریشن

عارف خان نیچاری اور شاہ ولی درانی کے استعفے متفقہ طور پر مسترد، دونوں کو ذمہ داریاں جاری رکھنے کی ہدایت

بلوچستان لیبر فیڈریشن اور واسا ایمپلائز یونین کا مشترکہ اجلاس، مزدوروں کے حقوق، تنظیمی اتحاد اور آئین کی پاسداری پر زور

ٹرانسپورٹرز کو تحفظ اور بھتہ خوری میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے، بینا مجید

تپ کے نوجوانوں کو پولیس میں بھرتیوں کے اگلے مرحلے میں موقع دیا جائے، آئی جی بلوچستان کی یقین دہانی

گاڑیاں جلانے اور بھتہ خوری کے واقعات قابل مذمت، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، صوبائی مشیر

گندا خانہ: عوامی مقامات سولرائٹس سے محروم، میونسپل کمیٹی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ: ایک شخص سڑک کنارے لگے اسٹال سے خریداری کر رہا ہے۔

پیپلز پارٹی کے کارکن شہداء کے مشن کی تکمیل کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، سردار بلند خان جوگیزئی

سانحہ کارساز میں 180 سے زائد جیالوں نے جانیں قربان کیں، پیپلز پارٹی شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی

پارٹی نے ہمیشہ غریب عوام کے حقوق، روٹی کپڑا اور مکان کی بات کی، شہادتوں سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، مرکزی رہنما

عوامی گزرگاہوں پر تجاوزات برداشت نہیں، ماریہ شمعون

اسسٹنٹ کمشنر کا تجاوزات کے خلاف آپریشن، کرسیاں اور میز ضبط

قیدیوں کو قانون کے مطابق بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، ڈی سی

ڈسٹرکٹ سینٹرل جیل گڈانی کا دورہ، قیدیوں کے مسائل اور سہولیات کا جائزہ لیا

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بلا امتیاز کارروائی جاری ہے، موٹروے پولیس

قومی شاہراہ کراچی چمن پر بغیر پرمٹ اور نامکمل دستاویزات والی 27 گاڑیوں کے چالان کیے گئے

این 25 پر غیر قانونی ٹرانسپورٹ کے خلاف کارروائی، روٹ پرمٹس اور فٹنس سرٹیفکیٹس کی جانچ پڑتال کی گئی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم اے ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلیفون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 18 اکتوبر 2026ء

تندو تیز بیانات اور الزامات کی سیاست سے گریز کی ضرورت......!!

جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے گزشتہ روز لاہور میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے موجودہ حالات کے تناظر میں صوبوں کو اعتماد میں لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ کسی حد تک ان کا یہ مطالبہ درست ہے، کیونکہ وفاقی نظام میں صوبوں کو اعتماد میں لینا، ان کے تحفظات دور کرنا اور قومی معاملات میں ان کی مشاورت یقینی بنانا حکومت کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ تاہم مولانا صاحب نے حالیہ چند ہفتوں کے دوران جو تندو تیز تقاریر کی ہے خاص طور پر گزشتہ روز انہوں نے اپنی تقریر میں جو لب ولہجہ اختیار کیا، اس کی کوئی بھی ذی شعور اور حالات و واقعات سے باخبر پاکستانی تائید وحمایت نہیں کرسکتا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ایک ایسے وقت میں جب ہمیں من حیث القوم گوناگوں مسائل، مشکلات اور چیلنجز کا سامنا ہے، دہشت گردی کا ناسور الگ سے موجود ہے، معاشی مشکلات نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے، پائیدار ترقیاتی اہداف کا حصول ہمارے لئے ایک اہم قومی ذمہ داری ہے، جبکہ حکومت سے وابستہ عام آدمی کی امیدیں اور توقعات بھی بے شمار ہیں، ایسے میں سیاسی محاذ آرائی، غیر ضروری الزام تراشی اور قومی اداروں کے حوالے سے نامناسب لب ولہجہ اختیار کرنا صورت حال کو مزید پیچیدہ بنا سکتا ہے۔ سیاسی منظرنامے پر آئے روز کسی نہ کسی تنازعے کا پیدا ہونا بھی قومی یکجہتی اور سیاسی استحکام کے لئے نیک شگون نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وفاقی وزراء اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے مولانا فضل الرحمان کے بیان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ملک اس وقت جس داخلی اور خارجی صورت حال سے گزر رہا ہے، اس کا تقاضا ہے کہ قومی قیادت اپنی سیاسی ترجیحات سے بالاتر ہو کر وسیع تر قومی مفاد کو مقدم رکھے۔ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے اور حکومت پر تنقید کرنا اپوزیشن کا آئینی و جمہوری حق، لیکن تنقید اور محاذ آرائی کے درمیان فرق ملحوظ رکھنا بھی انتہائی ضروری ہے۔ کسی حکومتی فیصلے سے اختلاف ہو تو اس کے متبادل حل کی نشاندہی کی جائے، کسی پالیسی پر اعتراض ہو تو دلائل کے ساتھ اس کی اصلاح کا مطالبہ کیا جائے اور کسی صوبے کے ساتھ ناانصافی کا خدشہ ہو تو اسے آئینی، جمہوری اور سیاسی طریقے سے دور کرنے کی کوشش کی جائے۔ تاہم، اگر ہر اختلاف کو الزام تراشی، ہر مسئلے کو سیاسی تنازعے اور ہر حکومتی اقدام کو مخالفت برائے مخالفت کا ذریعہ بنالیا جائے تو اس کا نقصان کسی ایک جماعت یا حکومت کو نہیں بلکہ پورے ملک کو اٹھانا پڑتا ہے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بھی مولانا فضل الرحمان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف قومی کوششوں کا ساتھ دیں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے حوالے سے مولانا کے موقف کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی جیسے سنگین قومی مسئلے کو سیاسی الزامات کی نذر کرنے کے بجائے اس کے خاتمے کے لئے سنجیدہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کے مطابق وفاقی حکومت کی بنیادی ترجیح عوام کا تحفظ اور خیبر پختونخوا میں امن کا قیام ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اس امر کی بھی نشاندہی کی کہ مولانا فضل الرحمان ایک سینئر سیاستدان ہیں اور خود دہشت گردی کے نقصانات سے واقف ہیں، اس لئے ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جاری قومی کوششوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ یہ بات اپنی جگہ اہم ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض اداروں یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس جنگ میں سکیورٹی فورسز کے جوانوں اور افسران نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، جبکہ عام شہریوں، سیاسی کارکنوں، قبائلی عمائدین، پولیس اہلکاروں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بھاری قیمت ادا کی ہے۔ خیبر پختونخوا بالخصوص اس کے ضم شدہ اضلاع اور دیگر متاثرہ علاقوں کے عوام نے برسوں بدامنی، نقل مکانی، معاشی نقصان اور عدم تحفظ کا سامنا کیا ہے۔ ایسے حالات میں امن وامان کے مسئلے کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کا ذریعہ بنانے کے بجائے عوامی مشکلات کے خاتمے کے لئے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دہشت گردی کے اسباب، اس کے سدباب، متاثرہ علاقوں کی بحالی اور شہریوں کے تحفظ جیسے معاملات پر سیاسی قیادت کو ایک دوسرے کے قریب آنا چاہئے، نہ کہ ایسے بیانات کے ذریعے فاصلے بڑھانے چاہئیں جو پہلے سے موجود بداعتمادی میں مزید اضافہ کریں۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے بھی مولانا فضل الرحمان کی تقریر پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مولانا ایک سلجھے ہوئے سیاستدان ہیں، تاہم ان کی حالیہ تقریر سے انہیں مایوسی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ مولانا خود امن وامان کی صورت حال کے باعث اپنے گھر نہ جاسکنے کا ذکر کرتے رہے ہیں، اس لئے انہیں امن کے قیام کے لئے حکومتی کوششوں کا ساتھ دینا چاہئے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت معاشی استحکام، سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، مہنگائی کے اثرات کم کرنے اور عوامی خدمات بہتر بنانے کے لئے مسلسل اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ یہ اہداف اسی صورت حاصل ہوسکتے ہیں جب سیاسی استحکام اور پالیسیوں میں تسلسل موجود ہو۔ حکومت کو بھی یہ حقیقت تسلیم کرنی چاہئے کہ سیاسی مخالفین کو نظر انداز کرکے یا ان کے تحفظات کو غیر اہم قرار دے کر پائیدار استحکام حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ قومی اہمیت کے معاملات میں اپوزیشن کو اعتماد میں لینا، پارلیمان کو موثر بنانا اور سیاسی اختلافات کے حل کے لئے مذاکرات کے دروازے کھلے رکھنا ضروری ہے۔ اسی طرح اپوزیشن کو بھی حکومت کی ہر کوشش کو ناکام ثابت کرنے کے بجائے جہاں قومی مفاد کا تقاضا ہو، مثبت تجاویز اور تعمیری تعاون پیش کرنا چاہئے۔ جمہوری نظام میں حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کے حریف ضرور ہوتے ہیں، لیکن ریاست اور عوام کے مفاد کے معاملے میں انہیں ایک دوسرے کا معاون بننا چاہئے۔ حکومت کو اپنے اختیارات کے استعمال میں احتیاط، شفافیت اور جواب دہی کا مظاہرہ کرنا چاہئے، جبکہ اپوزیشن کو تنقید کے ساتھ ساتھ متبادل پالیسی اور حل بھی پیش کرنا چاہئے۔ پارلیمان میں بحث، کمیٹیوں کے ذریعے مسائل کا جائزہ، صوبائی اسمبلیوں میں موثر نمائندگی اور سیاسی جماعتوں کے مابین باضابطہ مشاورت ایسے راستے ہیں جن سے اختلافات کو تصادم میں تبدیل ہونے سے روکا جاسکتا ہے۔ اگر سیاسی قیادت ان جمہوری ذرائع کو موثر انداز میں استعمال کرے تو بڑے سے بڑا اختلاف بھی مذاکرات کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے۔ اس وقت ایک ایسے سیاسی طرز عمل کی ضرورت ہے جو عوام میں مایوسی اور بے یقینی بڑھانے کے بجائے امید کی کرن روشن کرے۔

کیا بلاول بھٹو اور اعجاز الحق میں موازنہ کیا جاسکتا ہے۔

قلم ضرار — ڈاکٹر ضرار یوسف

کے پی میں گورنر راج: کیا اس سے امن قائم کیا جاسکے گا؟

تناظر — عمر دراز ننگیانہ



گورنر راج سے پہلے

لعل و گوہر — روشن لعل

انسان سب کچھ درست کرنے کے باوجود ناکام ہوسکتا ہے

دلیل و شواہد

سیکھنے کے بغیر تعلیم (۱)

اظہار خیال — ڈاکٹر ندیم الحق

تحریک انصاف کی جان کس طوطے میں ہے؟

خورشید ندیم



شامل باجا

اظہار خیال — خالد مسعود خان



ماشکیل نوکنڈی شاہراہ 10 سال بعد بھی نامکمل، عوام پریشان

104 کلومیٹر سڑک کی تکمیل میں تاخیر، مسافروں، مریضوں اور تاجروں کو مشکلات درپیش

محکمہ کا 80 فیصد کام مکمل ہونے کا دعویٰ، عوام نے زمینی صورتحال پر سوالات اٹھا دیے

ماشکیل (آئی این پی) ماشکیل سے نوکنڈی تک 104 کلومیٹر طویل اہم شاہراہ گزشتہ دس سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود مکمل نہ ہو سکی جس کے باعث ماشکیل کے عوام کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ دوسری جانب متعلقہ محکمہ کی جانب سے سڑک کا 80 فیصد کام مکمل ہونے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے تاہم مقامی عوام کے مطابق زمینی صورتحال ان دعووں سے مطابقت نہیں رکھتی اور سڑک کی عدم تکمیل کے باعث شہریوں کی مشکلات بدستور برقرار ہیں تفصیلات کے مطابق ماشکیل تا نوکنڈی روڈ علاقے کی اہم ترین شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے جو نہ صرف عوام کی آمد و رفت بلکہ تجارتی سرگرمیوں مریضوں کی منتقلی طلبہ اور دیگر ضروری سفری سہولیات کے لیے بھی انتہائی اہمیت رکھتی ہے اس منصوبے کی تکمیل میں طویل تاخیر نے علاقے کے عوام کو مایوسی سے دوچار کر دیا ہے مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ سڑک کی تعمیر کا منصوبہ گزشتہ کئی برسوں سے زیر التوا ہے مگر تاحال اسے مکمل کر کے عوام کے لیے قابل استعمال نہیں بنایا جا سکا سڑک کی نامکمل تعمیر کے باعث مسافروں کو طویل سفر دشوار گزار راستوں اور اضافی اخراجات جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ ہنگامی حالات میں مریضوں کو علاج کے لیے دوسرے علاقوں تک پہنچانا بھی ایک بڑا مسئلہ بن جاتا ہے عوامی حلقوں نے متعلقہ محکمہ کی جانب سے 80 فیصد کام مکمل ہونے کے دعوے پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبے کی اصل صورتحال عوام کے سامنے لائی جائے اور بتایا جائے کہ گزشتہ دس سال سے زائد عرصے کے دوران منصوبہ مکمل کیوں نہیں ہو سکا علاقے کے لوگوں نے حکومت بلوچستان متعلقہ محکمے اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ماشکیل تا نوکنڈی 104 کلومیٹر روڈ کی تعمیر میں حائل رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے منصوبے کے لیے ضروری فنڈز کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تعمیراتی کام کی مؤثر نگرانی کرتے ہوئے سڑک کو جلد از جلد مکمل کیا جائے یہ شاہراہ محض ایک سڑک نہیں بلکہ ترقی تجارت صحت اور بنیادی سفری سہولیات تک رسائی کا اہم ذریعہ ہے حکومت کو چاہیے کہ وہ اس دیرینہ مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے عوام کو مزید مشکلات سے نجات دلائے۔

اوستہ محمد، اے سی ماریہ شمعون پیٹرول پمپس پر ریلیف چیک کر رہی ہیں

نال: ڈگری کالج کی عمارت خستہ حالی کا شکار، دیواروں میں دراڑیں پڑ گئیں

کلاس رومز اور پرنسپل کے کمرے کی دیواریں متاثر، طلبہ کے لیے تعلیمی ماحول تشویشناک

عوامی حلقوں کا ڈائریکٹر کالجز بلوچستان سے عمارت کے تکنیکی معائنے اور مرمت کرنے کا مطالبہ

نال (آن لائن) نال ڈگری کالج کی عمارت خستہ حالی کا شکار، پرنسپل کے کمرے اور کلاس رومز کی دیواروں میں جگہ جگہ دراڑیں پڑ گئیں، ڈائریکٹر کالجز نوٹس لیں نال: نال ڈگری کالج کی عمارت خستہ حالی کا شکار ہو گئی ہے۔ کالج کے کلاس رومز، پرنسپل کے کمرے اور دیگر حصوں کی دیواروں میں جگہ جگہ دراڑیں پڑ چکی ہیں، جبکہ عمارت کی موجودہ حالت تعلیمی ماحول اور طلبہ کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہے۔ کالج کی عمارت کی بروقت مرمت نہ ہونے کی صورت میں اس کی حالت مزید خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ نال ڈگری کالج علاقے کا ایک اہم تعلیمی ادارہ ہے، جہاں طلبا اپنی تعلیم حاصل کرنے کے لیے آتے ہیں۔ ایسے میں تعلیمی ادارے کی عمارت کا محفوظ اور بہتر حالت میں ہونا انتہائی ضروری ہے۔ کلاس رومز کی دیواروں میں پڑنے والی دراڑیں اور عمارت کی خستہ حالی اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ متعلقہ حکام فوری طور پر اس معاملے کا نوٹس لیں اور عمارت کا تکنیکی معائنہ کرائیں۔ ڈائریکٹر کالجز بلوچستان سے مطالبہ ہے کہ نال ڈگری کالج کی عمارت کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مرمت کے لیے خصوصی فنڈز کی منظوری دی جائے، تاکہ کلاس رومز، پرنسپل کے کمرے اور عمارت کے دیگر متاثرہ حصوں کی بروقت مرمت ممکن ہو سکے۔ طلبا اور تدریسی عملے کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اس مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

اوستہ محمد: ڈپٹی کمشنر کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ، سہولیات کا جائزہ

ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری، صفائی اور گائنی و بچوں کے شعبوں کا معائنہ

بی آئی ایس پی اور نشوونما سینٹر کا بھی دورہ، مریضوں کو فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ

اُستا محمد (ن ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کا ٹی ایچ کیو ہسپتال اُستا محمد کا دورہ کیا طبی سہولیات ادویات کی دستیابی عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر اُستا محمد رمضان پلال نے تحصیل ہیڈکوارٹر ٹی ایچ کیو ہسپتال اُستا محمد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، انتظامی امور اور علاج معالجے کے لیے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کا مقصد ہسپتال میں طبی خدمات کی فراہمی، عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور ادویات کی دستیابی سمیت دیگر ضروری امور کا جائزہ لینا تھا تاکہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کی صورتحال کا مشاہدہ کیا جا سکے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور طبی عملے کی حاضری چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ہسپتال کے احاطے، وارڈز اور دیگر حصوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا انہوں نے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور انتظامی امور کا مشاہدہ کرتے ہوئے اس امر کا جائزہ لیا کہ مریضوں کو علاج معالجے کے دوران درپیش ضروریات کو کس حد تک پورا کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے گائنی وارڈ کا دورہ کیا جہاں خواتین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور زچہ و بچہ کی صحت سے متعلق خدمات کا جائزہ لیا اس کے علاوہ انہوں نے پیڈز بچوں کے شعبے کا بھی معائنہ کیا جہاں بچوں کے علاج معالجے اور ان کی صحت سے متعلق سہولیات کا مشاہدہ کیا گیا۔ خواتین اور بچوں کی صحت کے حوالے سے طبی خدمات کی دستیابی سرکاری ہسپتالوں کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے جس کے لیے ضروری طبی سہولیات اور مناسب انتظامات کی اہمیت پر خصوصی توجہ دی گئی

اوستہ محمد، ڈی سی محمد رمضان پلال ہسپتال کے دورے کے دوران حاضری رجسٹر چیک کر رہے ہیں

ڈکی: ڈپٹی کمشنر کا ای پی آئی سنٹر کا دورہ، ویکسین اور طبی فضلے کا معائنہ

ڈکی (ن ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمن کبدانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈکی میں قائم ای پی آئی سنٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، ویکسین کی فراہمی و محفوظ ذخیرہ کاری اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ای پی آئی آفیسر پیر محمد نے ڈپٹی کمشنر کو حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، بچوں کو ویکسین کی فراہمی، طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے طریقہ کار اور ماحول دوست ای پی آئی ویسٹ شریڈنگ یونٹ کی فعالیت کے حوالے سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے ای پی آئی سنٹر کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے حفاظتی ٹیکہ جات کی مؤثر اور بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات بچوں کو مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہیں، اس لیے ویکسینیشن پروگرام میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے انتظامات پر بھی خصوصی توجہ دیتے ہوئے کہا کہ ہسپتالوں اور مراکز صحت سے پیدا ہونے والے طبی فضلے کو مقررہ حفاظتی اصولوں کے مطابق تلف کرنا نہ صرف ماحول کے تحفظ بلکہ عوامی صحت کے لیے بھی انتہائی ضروری ہے

اوستہ محمد: فیول ریلیف پروگرام میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات، پیٹرول پمپس کی جانچ

اُستا محمد (ن ن) وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے تحت اہل شہریوں کو ریلیف کی فراہمی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے اور تمام مراحل میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمعون نے شہر کے تمام رجسٹرڈ پیٹرول پمپس کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر انہوں نے پروگرام پر عمل درآمد کی صورتحال شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور رجسٹریشن کے طریقہ کار کا جائزہ لیتے ہوئے عوامی شکایات کے ازالے پر خصوصی توجہ دی۔ معائنے کا بنیادی مقصد وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی جانچ پڑتال کرنا تھا جن میں رجسٹریشن کے عمل میں پیش آنے والی مشکلات مبینہ بے ضابطگیوں اور ریلیف کے حصول یا رجسٹریشن کے نام پر غیر مجاز فیسوں کی وصولی سے متعلق شکایات شامل تھیں اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرول پمپس پر موجود متعلقہ عملے سے پروگرام کے طریقہ کار اور شہریوں کو درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ رجسٹریشن کے عمل کو سہل منظم اور شفاف بنایا جائے تاکہ اہل شہری بلاوجہ کی مشکلات کے بغیر اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔

جھل مگسی: ڈی سی کا تعلیمی کلسٹر بجٹ کی تقسیم اور اخراجات کے ریکارڈ کا جائزہ

جھل مگسی (ن ن) گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی زیر صدارت ضلع جھل مگسی کے محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز کے ساتھ کلسٹر بجٹ کی تقسیم، مالیاتی ریکارڈ کی جانچ و پڑتال اور تعلیمی اداروں کو فراہم کردہ فنڈز کے استعمال سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی قرت العین مگسی صاحبہ، و دیگر ضلع کے کلسٹر ہیڈز نے شرکت کیں۔ اجلاس کا مقصد تعلیمی اداروں کے لیے مختص بجٹ کی تقسیم کے طریقہ کار، مالیاتی معاملات میں شفافیت اور ریکارڈ کی درستگی کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز سے متعلقہ مالیاتی ریکارڈ، بجٹ کی تقسیم اور اخراجات کی تفصیلات کے حوالے سے امور زیر غور آئے۔ اس موقع پر اس امر کی اہمیت اجاگر کی گئی کہ تعلیمی اداروں کے لیے مختص فنڈز کو مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق استعمال کیا جائے اور مالیاتی معاملات میں شفافیت، جوابدہی اور باقاعدہ ریکارڈ کی تیاری کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ محکمہ تعلیم کے تحت کلسٹر بجٹ کی تقسیم اور استعمال کے تمام مراحل میں قواعد و ضوابط کی مکمل پابندی کی جائے۔ انہوں نے کلسٹر ہیڈز کو ہدایت کی کہ بجٹ اور اخراجات سے متعلق تمام ضروری دستاویزات اور ریکارڈ کو باقاعدہ ترتیب دیا جائے، تاکہ مالیاتی امور کی جانچ پڑتال کے دوران متعلقہ معلومات بروقت دستیاب ہوں اور کسی قسم کی بے ضابطگی یا ابہام کی گنجائش باقی نہ رہے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اور ان کا درست، شفاف اور مؤثر استعمال متعلقہ افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تعلیمی اداروں کے لیے مختص فنڈز کو ان کی ضروریات اور مقررہ مقاصد کے مطابق بروئے کار لانا ضروری ہے۔

حب، ڈی سی جمعہ داد مندوخیل گڈانی جیل کے دورے کے موقع پر قیدیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

نوشکی: خواتین کی کھلی کچہری، مستحق خاتون کو ریلیف مل گیا

ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر پیش کردہ شکایت پر کارروائی، خاتون کو آرڈر جاری

متاثرہ خاتون کا چیف سیکرٹری بلوچستان، ڈپٹی کمشنر اور ضلعی انتظامیہ سے اظہار تشکر

نوشکی (آن لائن) ضلعی انتظامیہ نوشکی کی جانب سے خواتین کے مسائل کے حل کے لیے منعقدہ خصوصی کھلی کچہری کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے۔ کھلی کچہری میں اپنا مسئلہ پیش کرنے والی ایک مستحق خاتون کو آج ڈپٹی کمشنر آفس نوشکی میں آرڈر جاری کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نوشکی جار اللہ کاکڑ کی ہدایات پر منعقدہ خصوصی کھلی کچہری میں خاتون نے اپنا مسئلہ پیش کیا تھا، جس پر متعلقہ حکام نے کارروائی کرتے ہوئے انہیں ریلیف فراہم کیا۔ آرڈر جاری ہونے پر خاتون نے چیف سیکرٹری بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر نوشکی جار اللہ کاکڑ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محسن لاشاری، اسسٹنٹ کمشنر نعیم قاسم شاہوانی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خالد احمد شاہ اور ڈسٹرکٹ ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر صبا سعید بلوچ، اے ڈی او بی لیاقت بادینی نے خاتون کو آرڈر فراہم کیا۔ خاتون نے اپنے بیان میں آرڈر جاری ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان، ڈپٹی کمشنر نوشکی جار اللہ کاکڑ اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ خواتین کی خصوصی کھلی کچہری کا مقصد ان کے مسائل کو براہ راست سننا اور متعلقہ محکموں کے ذریعے ان کے حل کو یقینی بنانا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے مستحق خاتون کو ریلیف فراہم کیا گیا، جو عوامی شکایات کے ازالے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔

خضدار: ڈگری کالج کے مسائل، آل پارٹیز کمیٹی کا دورہ

ہاسٹل میں سہولیات کی کمی اور لیکچررز کی قلت پر طلبہ نے شکایات پیش کیں

چیئرمین عبدالحمید بلوچ کا کالج کی بحالی اور مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچانے کے عزم کا اظہار

خضدار (بیورو رپورٹ) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین عبدالحمید بلوچ نے وائس چیئرمین سفر خان مینگل، اشرف علی مینگل، انجینئر وسیم زہری، جمیل احمد و دیگر کے ہمراہ آج گورنمنٹ ڈگری کالج خضدار کا تفصیلی دورہ کیا۔ وفد نے پرنسپل سمیت اساتذہ کرام سے ملاقات کی اور کالج کو درپیش مسائل و مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر عبدالحمید بلوچ چیئرمین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار نے طلباء سے خطاب بھی کیا اور سوال و جواب کا تفصیلی سیشن ہوا۔ طلباء نے ہاسٹل میں سہولیات کی کمی، اسٹڈی ٹور، اسپورٹس فنڈ کی عدم فراہمی اور دیگر درپیش مشکلات کمیٹی کے سامنے رکھیں۔ رہنماؤں نے کالج کی بلڈنگ، کلاس رومز اور لائبریری کا بھی معائنہ کیا۔ اس دوران یہ بات سامنے آئی کہ کالج میں لیکچررز کی شدید کمی ہے جبکہ کالج کی بلڈنگ خستہ حالی کا شکار ہے۔ چیئرمین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ "یہ ایک قدیم اور تاریخی تعلیمی ادارہ ہے، اس ادارے کی فعالیت اور بحالی ناگزیر ہے۔ ہم اس ادارے کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور اس کے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچا کر حل کروانے کی کوشش کریں گے۔

خضدار: نیشنل پارٹی کا اجلاس، تنظیمی ڈھانچہ فعال بنانے کا فیصلہ

اجلاس میں سیاسی سرگرمیوں، تنظیمی امور اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال

کارکنوں کو سیاسی و نظریاتی بنیادوں پر منظم کرنے اور عوامی رابطے بڑھانے کی ضرورت پر اتفاق

خضدار (بیورو رپورٹ) نیشنل پارٹی تحصیل خضدار کے آرگنائزنگ باڈی کا تعارفی اجلاس تحصیل آرگنائزر انور رخشانی کی زیر صدارت منعقد ہوئی جس میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال، سیاسی سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں ڈپٹی آرگنائزر عاشق حسین کرد، آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین سید عبداللہ شاہ، محمد یوسف مینگل، ظفر بلوچ اور ممتاز علی مردوئی نے شرکت کی، جبکہ غلام مصطفیٰ مینگل بطور مبصر اجلاس میں شریک ہوئے اجلاس میں طے شدہ ایجنڈے پر غور کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ نیشنل پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو مقررہ مدت میں فعال اور منظم بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ پارٹی کے ذیلی اداروں کی تشکیل، تنظیمی امور میں بہتری اور کارکنوں کو سیاسی و نظریاتی بنیادوں پر منظم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی مضبوطی کا انحصار منظم تنظیمی ڈھانچے واضح سیاسی و نظریاتی سمت اور عوام کے ساتھ مسلسل رابطے پر ہوتا ہے۔ نیشنل پارٹی کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی محور عوام کے جمہوری سیاسی معاشی اور قومی حقوق کا تحفظ ہے اس لیے ضروری ہے کہ پارٹی کو نچلی سطح تک فعال اور متحرک بنایا جائے۔

جھل مگسی، ڈی سی سید رحمت اللہ شاہ محکمہ تعلیم کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حب: ڈپٹی کمشنر کا اسکولوں کے دورے، اساتذہ کی حاضری چیک

بوائز اور گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں میں تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ، مسائل دریافت

تعلیمی معیار اور نظم و ضبط میں غفلت برداشت نہیں ہوگی، جمعہ داد مندوخیل

حب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر حب کا بوائز و گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں کا دورہ کیا اساتذہ کی حاضری چیک کی اور طلبہ سے ملاقات کی تعلیمی مسائل کے متعلق ان سے دریافت کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے ضلع حب کے بوائز اور گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی عمل اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی اور اسکولوں میں تدریسی عمل کی صورتحال کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا اور طلبہ سے ملاقات کر کے ان سے تعلیمی سرگرمیوں، نصاب اور روزمرہ تدریسی امور کے حوالے سے سوالات کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے طلبہ سے مختلف مضامین کے بارے میں سوالات بھی کیے اور ان کی تعلیمی استعداد، دلچسپی اور سیکھنے کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر طلبہ نے اپنے تعلیمی مسائل، مشکلات اور اسکولوں میں درپیش سہولیات سے متعلق مسائل سے انہیں آگاہ کیا۔

حب: کامریڈ ارباب رند کے گھر پر فائرنگ، نیشنل پارٹی کی مذمت

حب (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر برائے بلوچستان رجب علی رند نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں نیشنل پارٹی حب کے رہنما کامریڈ ارباب رند کے گھر پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے بزدلانہ اقدامات سے علاقے میں خوف و ہراس پھیلانے اور امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی رہنما کے گھر پر فائرنگ کرنا نہ صرف قابل مذمت عمل ہے

ولید صالح بلوچ کی پہلی برسی: میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں

تحریر: رحمت صالح بلوچ

18 اکتوبر میری زندگی کا ہمیشہ ایک سیاہ دن رہے گا۔ اس دن سفاک ظالموں نے میرے بھائی ولید صالح بلوچ کو مجھ سے چھین لیا۔ یہ وہ دن ہے جس نے میری زندگی کی خوشیوں کو غم میں بدل دیا، میرے گھر کے خوابوں کو ادھورا چھوڑ دیا اور ہمارے خاندان کو ایسے درد سے دوچار کیا جسے وقت گزرنے کے باوجود بھلانا ممکن نہیں۔ ایک سال گزر چکا ہے، لیکن میرے دل میں وہ زخم آج بھی تازہ ہے۔ آج بھی جب 18 اکتوبر کا خیال آتا ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے وقت رک گیا ہو، جیسے وہی قیامت خیز لمحہ دوبارہ میرے سامنے آ کھڑا ہوا ہو اور جیسے میرا بھائی ابھی ابھی مجھ سے بچھڑا ہو۔ ایک سال گزر گیا ہے۔ لیکن میرے لیے وہ دس دن آج بھی وہیں کھڑے ہیں۔ میں آج بھی سوچتا ہوں کہ آخر وہ دس دن اتنے اہم کیوں ہو گئے؟ اس لیے کہ وہ دس دن ہماری زندگی اور ہماری خوشی کے درمیان آخری فاصلہ تھے۔ ان دس دنوں کے بعد ہماری زندگی وہ نہیں رہی جو پہلے تھی۔ ولید واپس نہیں آیا۔ شادی نہیں ہوئی خوشی نہیں آئی۔ اور ایک سوال آج تک ہمارے ساتھ ہے: ولید کے قاتل کہاں ہیں؟ یہ سوال میں غصے میں نہیں پوچھ رہا۔ یہ سوال میں انتقام کے لیے نہیں پوچھ رہا۔ یہ سوال ایک بھائی کی حیثیت سے پوچھ رہا ہوں۔ ایک ایسے بھائی کی حیثیت سے جس نے اپنے بھائی کو دولہا بنتا دیکھنا تھا مگر اسے شہید کی صورت میں رخصت کیا۔ ایک ایسے خاندان کی طرف سے پوچھ رہا ہوں جس نے ایک سال اپنے پیارے کی یاد اور انصاف کے انتظار میں گزارا ہے۔ ایک ایسے گھر کی طرف سے پوچھ رہا ہوں جس کی خوشی کو دس دن پہلے ہی کسی نے چھین لیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جو پروگرام بنایا ہے وہ پورا ہوگا۔ جو سفر سوچا ہے وہ ہوگا۔ جو ملاقات طے کی ہے وہ ہوگی۔ جو شادی آنے والی ہے وہ ہوگی۔ جو خوشی دروازے پر کھڑی ہے وہ گھر میں داخل ہوگی۔ ولید کی شادی بھی ہمارے لیے ایسی ہی ایک یقینی خوشی تھی۔ صرف دس دن باقی تھے۔ ہمیں کیا معلوم تھا کہ زندگی کا سب سے بڑا سانحہ ہماری اس خوشی سے صرف دس دن کے فاصلے پر کھڑا ہے۔ انسان اگر پہلے سے جان لے کہ آنے والے دنوں میں کیا ہونے والا ہے تو شاید وہ ہر لمحہ مختلف انداز میں گزارے۔ مگر انسان کو مستقبل معلوم نہیں ہوتا یہی زندگی کا حسن بھی ہے اور المیہ بھی۔ ہمیں نہیں معلوم تھا کہ جن دنوں میں ہم شادی کی تیاریوں کے بارے میں سوچ رہے ہیں، انہی دنوں میں موت ہمارے گھر کا راستہ تلاش کر رہی ہے۔ ہمیں نہیں معلوم تھا کہ جس شخص کو چند دن بعد دولہا دیکھنا ہے اسے چند دن بعد قبر کی طرف رخصت کرنا ہوگا۔ ہمیں نہیں معلوم تھا کہ شادی کی خوشی کا انتظار کرتے کرتے ہمارا خاندان ایک ایسے صدمے میں داخل ہونے والا ہے جس سے نکلنے میں شاید پوری زندگی لگ جائے آج ایک سال بعد جب میں پیچھے دیکھتا ہوں تو مجھے صرف یہ یاد نہیں آتا کہ ولید شہید ہو گیا۔ مجھے یہ بھی یاد آتا ہے کہ وہ شادی کرنے والا تھا۔ وہ دولہا بننے والا تھا۔ اس کی زندگی میں ایک نیا باب کھلنے والا تھا۔ مگر وہ باب شروع ہونے سے پہلے ہی کتاب بند ہو گئی یہی موت کی سب سے بڑی بے رحمی ہے۔ وہ صرف ماضی نہیں چھینتی۔ وہ مستقبل بھی چھین لیتی ہے۔ ایک سال بعد بھی گھر میں ایک جگہ خالی ہے ایک سال میں بہت کچھ بدل جاتا ہے۔ لوگ اپنے معمولات میں واپس آ جاتے ہیں۔ تعزیت کرنے والے اپنے گھروں کو چلے جاتے ہیں ملاقاتیں کم ہو جاتی ہیں۔ زندگی بظاہر معمول پر آ جاتی ہے۔ مگر جس گھر سے کوئی اپنا چلا جائے، وہاں معمول کبھی مکمل طور پر واپس نہیں آتا بارہ مہینے بہت ہوتے ہیں 365 دن بہت ہوتے ہیں۔ ہر دن مقتول کے خاندان کے لیے ایک نیا انتظار ہوتا ہے۔ صبح اٹھتے ہیں تو امید ہوتی ہے کہ شاید کوئی پیش رفت ہوئی ہو۔ شام آتی ہے تو وہی سوال۔ رات ہوتی ہے تو وہی یاد۔ اور پھر اگلی صبح یہ سلسلہ ایک سال سے جاری ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ یہ انتظار کب ختم ہوگا۔ مگر ہم یہ ضرور جانتے ہیں کہ انصاف کے بغیر غم مکمل نہیں ہوتا۔ گزشتہ ایک سال میں جو ذہنی دباؤ، صدمہ، بے بسی اور مسلسل غم ہم نے برداشت کیا ہے اسے الفاظ میں بیان کرنا آسان نہیں۔ حالیہ دنوں میں مجھے خود دل کی تکلیف ہوئی اور دل کی تین شریانیں بند ہو گئیں، ڈاکٹرز نے تمام ٹیسٹ کرنے کے بعد کہا کہ اسٹریس کی وجہ سے ہوا۔ ایک خاندان ایک سال سے انتظار کر رہا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس انتظار کو ختم کیا جائے۔ ہم چاہتے ہیں کہ تحقیقات میں پیش رفت ہو۔ ہم چاہتے ہیں کہ اگر ذمہ داروں کی شناخت ہو چکی ہے تو انہیں گرفتار کیا جائے۔ اگر شناخت نہیں ہوئی تو تحقیقات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ اور اگر کوئی قانونی رکاوٹ ہے تو اسے دور کیا جائے۔ ہمیں بتایا جائے کہ کیا ہوا۔ ہمیں بتایا جائے کہ کہاں تک پہنچا۔ ہمیں یہ حق حاصل ہے کہ ہم اپنے بھائی کے قتل کے بارے میں جانیں۔ میں پھر پوچھتا ہوں ولید صالح بلوچ کے قاتل کہاں ہیں؟ کیا وہ دنیا میں آزاد گھوم رہے ہیں؟ کیا وہ قانون سے چھپے ہوئے ہیں؟ کیا ان تک پہنچنے کی کوشش ہو رہی ہے؟ کیا تحقیقات جاری ہیں؟ کیا ان کے خلاف کوئی ثبوت موجود ہے؟ کیا کوئی کارروائی ہوئی؟ ہم ان سوالوں کے جواب چاہتے ہیں۔ ہمیں صرف یہ نہیں کہا جا سکتا کہ صبر کریں۔ ہم ایک سال سے صبر کر رہے ہیں۔ ہمیں صرف یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وقت لگتا ہے۔ ہم ایک سال سے وقت دے رہے ہیں۔ ہمیں اب پیش رفت چاہیے۔ ہمیں حقیقت چاہیے۔ ہمیں انصاف چاہیے ولید صالح بلوچ کے قاتل کہاں ہیں؟ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ سوال ہمیشہ سوال نہیں رہے گا۔ ایک دن جواب آئے گا۔ ایک دن حقیقت سامنے آئے گی۔ ایک دن قانون اپنا فیصلہ سنائے گا۔ اور اس دن شاید ہمارے دل کا وہ بوجھ کچھ ہلکا ہو جائے جو ایک سال سے ہمارے سینوں پر رکھا ہے۔ ولید واپس نہیں آئے گا۔ یہ حقیقت ہے۔ مگر انصاف آ سکتا ہے۔ اور ہمیں اسی امید کے ساتھ زندہ رہنا ہے۔ آج پہلی برسی پر ہماری آنکھوں میں آنسو ہیں، دل میں درد ہے، زبان پر دعا ہے، اور دل کی گہرائی میں ایک مطالبہ شہید ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کو تلاش کیا جائے، انہیں قانون کے سامنے لایا جائے۔

تربت: مکران میڈیکل کالج کے 6 گریجویٹس ایف سی پی ایس پارٹ ون میں کامیاب

تربت (ن ن) مکران میڈیکل کالج (ایم ایم سی) تربت کے دوسرے بیچ کے چھ فارغ التحصیل طلبہ نے ایف سی پی ایس پارٹ ون کے امتحان میں پہلی ہی کوشش میں کامیابی حاصل کر کے کالج اور علاقے کا نام روشن کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مکران میڈیکل کالج تربت کے چھ فارغ التحصیل طلبہ نے میڈیسن اینڈ الائیڈ اور سرجری اینڈ الائیڈ کے شعبوں میں فیلو آف کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (ایف سی پی ایس) پارٹ ون کا امتحان پہلی ہی کوشش میں کامیابی سے پاس کر لیا۔ کامیاب ہونے والے طلبہ میں ڈاکٹر جنید بوہیر، ڈاکٹر اسد خان، ڈاکٹر قدیر احمد، ڈاکٹر عزیر، ڈاکٹر انجم علی رضا اور ڈاکٹر بلال احمد شامل ہیں۔ ان طلبہ کی کامیابی کو ان کی مسلسل محنت، لگن، تعلیمی قابلیت اور شعبے میں پیشہ ورانہ مہارت حاصل کرنے کے عزم کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے۔

ڈکی: پولیو مہم کی تیاری، ڈی سی کا انتظامات بہتر بنانے کی ہدایت

مائیکرو پلاننگ، ٹیموں کی تربیت اور حساس علاقوں کی نشاندہی پر اجلاس میں تفصیلی غور

پانچ سال سے کم عمر کوئی بچہ قطرے پینے سے محروم نہ رہے، فضل الرحمن کبدانی کا خطاب

ڈکی (ن ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور مؤثر حکمت عملی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی ایم پی پی ایچ آئی قاہر خان درانی، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عبداللہ جان، این اسٹاپ ڈاکٹر عزیز اللہ، ایم اینڈ ای آفیسر ای پی آئی پیر محمد، سی سی او سعید احمد ناصر سمیت متعلقہ افسران اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی اجلاس کے دوران آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے مائیکرو پلاننگ، پولیو ٹیموں کی تشکیل و تربیت، بچوں تک رسائی، حساس علاقوں کی نشاندہی، مانیٹرنگ اور مہم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے مہم کے دوران درپیش ممکنہ چیلنجز اور ان کے بروقت تدارک کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور تمام متعلقہ محکمے و ادارے باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہیں رہنا چاہیے، اس مقصد کے لیے گھر گھر رسائی، انکاری خاندانوں کی مؤثر کاؤنسلنگ اور رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی پر خصوصی توجہ دی جائے

چھتر: سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں جمہوری تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہے، یعقوب خان

چھتر (این این آئی) 18 اکتوبر کے شہداء کی قربانیاں جمہوری جدوجہد کا روشن باب ہیں، میر محمد یعقوب خان کھوسہ پیپلز پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی، ضلعی صدر صحبت پور کا شہداء کو خراج عقیدت تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے 18 اکتوبر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز کے شہداء کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ناقابل فراموش حصہ ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007ء کو شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر کراچی میں پیش آنے والا سانحہ کارساز ایک دردناک واقعہ تھا،

گوادر: ٹیچنگ ہسپتال میں ادویات اور عملے کی کمی دور کرنے کا مطالبہ

میر ارشد کلمتی کی ایم ایس ڈاکٹر حفیظ بلوچ سے ملاقات، طبی سہولیات پر تبادلہ خیال

ادویات کے فنڈز جاری کرنے اور 129 آسامیوں کے نتائج کا اعلان کرنے کا مطالبہ

گوادر (ن ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ سے میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد کلمتی نے ملاقات کی، جس میں ہسپتال میں ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی کمی اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر میر ارشد کلمتی نے صوبائی حکومت کی جانب سے صحت عامہ کی بہتری، عوام کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری ہسپتالوں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت کے شعبے میں حکومتی اقدامات عوامی فلاح و بہبود کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان اقدامات کے ثمرات گوادر سمیت صوبے کے تمام اضلاع کے عوام تک مؤثر انداز میں پہنچائے جائیں گے انہوں نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی مد میں مختص فنڈز فوری جاری کیے جائیں اور ادویات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، تاکہ مریضوں کو علاج معالجے کے دوران مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے متعلق ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

اوراگر کسی قسم کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

2 کالم نمبروں میں سے ... اشتہارات "ادارہ" کی طرف سے شائع کیے جائیں گے۔

خالی شناختی کارڈ کی ... اشتہار ... "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430209797223 بنام امین اللہ ولد امیر جان خانوزئی بازار کے آس پاس کہیں گم ہو گیا ہے۔ ملنے پر براہ مہربانی فراہم کر کے ... 03323263356 پر مطلع کریں۔ نمائندہ خانوزئی......

پلاٹ جائیداد کمرشل، شاہ

زرغون اسکیم 120,200,300,400,500 گز DHA QDA ... 5,10 مرلہ کنال ... 900,1800,2700 ... 0300-4000913 ADVT چلتن

اسلام آباد، کراچی، لاہور، شاہ

اسلام آباد CDA, DHA بحریہ، DHA کراچی، DHA لاہور، LDA/DHA بحریہ ... 0300-4000913 ADVT چلتن

DHA کوئٹہ QDA زرغون، شاہ

DHA کوئٹہ 10,5 مرلہ ایک کنال ... 120,200,500,400,350,300 گز رہائشی پلاٹ 450 فٹ 1200 فٹ کمرشل پلاٹ خرید و فروخت کیلئے شاہ اسٹیٹ ایجنسی رجسٹرڈ 03224092911/03004000913 ADVT چلتن

فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن

اسامیاں خالی ہیں

فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) کو پاکستانی شہریت رکھنے والے امیدواروں سے مندرجہ ذیل اسامیوں کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔

Ser	Job Cat	Qual	No of Vacs	Experience	Location
1.	Senior Manager Geologist	MS/ BS Geology, Applied or Economic Geology	1	Min 8-10 Yrs of experience in mineral Geology	Nokundi
2.	Manager Geophysics	MS in Geophysics	1	Min 5-7 Yrs post qual experience	
3.	Manager Geologist Drilling	MS/ BS in Geology, Geology Engineering, Earth Sciences	1	Min 5-7 Yrs post qual experience	
4.	Asst Manager GIS	BS in Space Science Geology, BS Remote Sensing and Geographic Information System	1	Min 5 Yrs post qual experience	
5.	Junior Manager GIS	BS Space Science Geology, BS Remote Sensing and Geographic Information System	1	Min 2-4 Yrs post qual experience	
6.	Junior Manager Geologist	MS/ BS in Geology	1	Min 1 Yr post qual experience	
7.	Junior Manager Geologist Drilling	MS/ BS in Geology Engineering, Earth Sciences	1	Min 2-4 Yrs post qual experience	
8.	Manager Operations	Lt Col/ Maj (Retd) or MS/BS in relevant managerial skills	1	Min 10-12 Yrs post qual experience	
9.	Planning Engr	MS/ BS Project Management / BE Civil Engineering	1	Min 8- 10 Yrs post qual experience	
10.	Contract Manager	MS/ BS Project Management or Contract Management	1	Min 5-7 Yrs post qual experience	
11.	Manager Finance	ACCA, ICMA, CA (Finalist)	1	Min 16 Yrs post qual experience	
12.	Dy Manager Finance	ACCA, ICMA, CA (Finalist)	1	Min 6-7 Yrs post qual experience	
13.	Asst Manager Finance	MBA/ ACCA	1	Min 5-7 Yrs post qual experience	
14.	BIM/ Auto CAD Operator	Bachelor/ Diploma in relevant field	1	Min 5-8 Yrs post qual experience	
15.	Asst Manager / Junior Manager (HR)	BBA/ MBA (HR)	1	Min 3-5 Yrs post qual experience in the relevant field	
16.	Account Clerk	B. Com or Retd Hav/Nk	1	Min 6 Yrs in relevant field	Nokundi
17.	DEO	FA/ BA/ B. Com or Retd Nk/ Hav	7	Min 6-8 Yrs in relevant field	
18.	CQS/ AQS	DAE Civil	1	Min 8-10 Yrs post qual experience	
19.	Chief Surveyor	B.E (Civ)/ DAE (Surveying/ Civil/ Mining Tech)	1	Min 6 Yrs post qual experience	
20.	Control Room Operator (IT)	Diploma in IT/Networking or Retd NCO from Corps of Signals / EME	2	Min 6-8 Yrs post qual experience	
21.	IT Technician	Diploma in IT/Networking	1	Min 3 Yrs post qual experience in relevant field	
22.	Signal Operator	FA or Retd from Corps of Signals	1	Min 6 Yrs post qual experience	
23.	Nursing Assistant	Diploma of Nursing or Retd Nursing from AMC	2	Min 4-5 Yrs post qual experience in the relevant field	
	Total		31		

نوٹ:

۱۔ خواہشمند امیدوار اپنی درخواست 02 نومبر 2026 تک ہماری ویب سائٹ http://career.fwo.com.pk پر آن لائن جمع کرا دیں یا اپنی CVs (کوائف) بذریعہ ای میل: recruitment@fwo.com.pk ارسال کریں جبکہ Subject line میں درخواست کردہ اسامی کا نام درج کریں۔

۲۔ اسامیوں کی تفصیلات مذکورہ بالا جاب پورٹل / ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

۳۔ ایف ڈبلیو او کو اشتہار کے ساتھ مکمل طور پر یا جزوی طور پر منسوخ / مؤخر کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

۴۔ انٹرویو کے لیے کسی قسم کا TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

۵۔ پتہ: ... 509 ... راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9271386

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY (PAA)

Pakistan Airports Authority

پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی

ٹینڈر نوٹس (ریورس پروکیورمنٹ)

جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ (JIAP)، کراچی میں کاروبار کے مواقع

۱۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (PAA) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی پر درج ذیل کنسیشن دینے کے لیے رجسٹرڈ کمپنیوں، فرموں، مشترکہ منصوبوں اور سول پروپرائٹر کاروباری اداروں سے ٹینڈرز طلب کر رہی ہے۔ بولی دہندگان کی اہلیت کے معیار کی تفصیلات ٹینڈر کی شرائط و ضوابط میں درج ہیں۔ ٹینڈر کا طریقہ کار سنگل اسٹیج ٹو اینویلپ ہوگا یعنی تکنیکی اور مالی پیشکش الگ الگ جمع کرائی جائیں گی۔

نمبر شمار	کنسیشن کا نام	ریزرو قیمت (ماہانہ)	لائسنس کی مدت	اوقات کار اور متعلقہ رابطہ افسر کی تفصیلات	ٹینڈر دستاویزات خریدنے کی آخری تاریخ	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	ٹینڈر جمع کرانے کی تاریخ، وقت اور مقام	ٹینڈر کھولنے کی تاریخ، وقت اور مقام
a	ٹرمینل-1، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی کے اے ایف یو (درآمدات) میں 1,586.2 مربع فٹ جگہ پر کیٹرنگ اور عمومی اشیائے ضروریہ کے اسٹور کا قیام اور آپریشن	90,200/- روپے	پانچ (05) سال یا ایئرپورٹ کی آؤٹ سورسنگ تک، جو بھی پہلے ہو	دفتری اوقات کے دوران، کام کے دنوں میں۔ دفتر انچارج کمرشل، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (کمرہ نمبر 17-3016)، تیسری منزل، بی ٹی سی، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی۔ رابطہ نمبر: 021-99071309 / 99071022	09-11-2026	5,000/- روپے (صرف پانچ ہزار روپے)	10-11-2026، سہ پہر 3:00 بجے مرکزی کانفرنس روم (کمرہ نمبر 6035)، چھٹی منزل، جناح ٹرمینل، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی۔	10-11-2026، سہ پہر 3:30 بجے مرکزی کانفرنس روم (کمرہ نمبر 6035)، چھٹی منزل، جناح ٹرمینل، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی۔

۲۔ تفصیلی ٹینڈر نوٹس کے لیے ملاحظہ کریں: www.paa.gov.pk & www.ppra.org.pk

ڈائریکٹر کمرشل اینڈ اسٹیٹس

ہیڈ کوارٹرز، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، ٹرمینل-1، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی، پاکستان۔

ٹیلی فون: 9221-99242531+ | فیکس: 9221-99242532+ | ای میل: dce@paa.gov.pk | ویب سائٹ: www.paa.gov.pk

PID(K)1288/26

www.paa.gov.pk

پاکستان اور سری لنکا کے ون ڈے میچ سے سہ ملکی سیریز کا آغاز آج ہوگا

کل سات میچز کھیلے جائیں گے، سیریز کا دوسرا میچ پاکستان اور انگلینڈ کے مابین، فائنل 31 اکتوبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا

رافیل نڈال کی شرٹ پاکستان میں فنڈ ریزنگ کیلئے نیلام ہوگی، ایم او یو پر دستخط

بیٹرز کی کھیلنے کی صلاحیت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، محمد یوسف

یوسف نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی کاوشوں کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کرکٹ کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اور کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ سابق کپتان نے عاقب جاوید اور ان کی ٹیم کے گراس روٹ کرکٹ سے متعلق منصوبوں کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ انڈر 15، انڈر 17، انڈر 19 اور شاہینز پروگرامز مستقبل میں قومی ٹیم کے لیے باصلاحیت کھلاڑی تیار کرنے میں اہم کردار ادا

نے این سی اے گراؤنڈ میں جدید ڈریسنگ روم اور دیگر سہولیات کی تعمیر کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ بائیو مکینکس لیب کی اپ گریڈیشن سے کھلاڑیوں کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ سابق ٹیسٹ کپتان نے انڈر 19 ٹیم کے دورہ انگلینڈ کو پی سی بی کا مثبت اقدام قرار دیا اور تجویز دی کہ نوجوان ٹیموں کو انگلینڈ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ میں زیادہ سے زیادہ کھیلنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ایشین گیمز میں تمغہ جیتنے والے کھلاڑی کو انعامی چیک دے رہے ہیں

پاکستان ہاکی فیڈریشن کے تحت گول کیپرز کیلئے تربیتی کیمپ کا انعقاد

لیونل میسی کے ہاتھوں میں اٹھائی گئی فیفا ورلڈ کپ ٹرافی نیلامی کیلئے تیار

برابر رہا تھا۔ میسی نے دو جبکہ کلیان ایمباپے نے تین گول کیے تھے۔ اس ریپلیکا کی خاص بات یہ بھی ہے کہ ارجنٹینا کی ٹیم کے آٹھ کھلاڑیوں کے دستخط اس پر موجود ہیں۔ میسی کی ٹرافی اٹھانے والی تصویر انسٹاگرام پر بھی غیر معمولی مقبول ہوئی تھی جسے 7 کروڑ 40 لاکھ سے زائد لائکس ملے۔ نیلامی میں اس یادگار کو حاصل کرنے کا موقع آن لائن بولی دینے والوں کو بھی ملے گا۔

ہوگی۔ ریچمنڈ آکشنز کے زیر اہتمام یہ یادگار ریپلیکا ٹرافی 7 نومبر 2026 کو ہونے والی پیلی اسپورٹس میموریبیلیا نیلامی کا حصہ ہوگی۔ یہ وہی ریپلیکا ہے جسے قطر میں ورلڈ کپ جیتنے کے بعد ارجنٹینا کے کھلاڑیوں نے جشن کے دوران اٹھایا تھا۔ بعد ازاں اسے بیونس آئرس کے نیشنل ہسٹوریکل میوزیم میں بھی نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ یاد رہے کہ 18 دسمبر 2022 کو لوسیل

پاس پر روڈریگو ڈی پال نے گیند کو جال کی راہ دکھا کر برتری 0-2 کردی۔ نیویارک سٹی کے پاس دوسرے ہاف کے اضافی وقت میں گول کا خسارہ کم کرنے کا موقع تھا تاہم ارجنٹائن کے فارورڈ نیکولس فرنانڈیز پنالٹی کک پر گول کرنے میں ناکام رہے۔ اس فتح کے بعد انٹر میامی 52 پوائنٹس کے ساتھ ایسٹرن کانفرنس میں دوسرے نمبر پر ہے جبکہ نیویارک سٹی 33 پوائنٹس کے ساتھ دسویں پوزیشن پر موجود ہے۔

مصباح الحق نیپال پریمیئر لیگ کی ٹیم سودرپچھم رائلز کے ہیڈ کوچ مقرر

ایشین کپ 2027 کی تیاریاں طے شدہ شیڈول کے مطابق جاری ہیں: سعودی عرب

ریاض (آن لائن) سعودی عرب کا کہنا ہے کہ 2027 ایشین کپ کی تیاریاں طے شدہ شیڈول کے مطابق جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ کی مقامی آرگنائزنگ کمیٹی کا کہنا ہے کہ حالیہ حملوں کے باوجود 2027ء میں ہونے والے ایشین کپ کی تیاریاں مقررہ شیڈول کے مطابق جاری ہیں۔ کمیٹی کے مطابق ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے کھیلوں کے مقامات سمیت دیگر سہولتیں اور معاون خدمات کی تیاری کا کام منصوبے کے مطابق آگے بڑھ رہا ہے۔ واضح رہے کہ ایشین کپ 7 جنوری سے 5 فروری 2027ء تک سعودی عرب میں کھیلا جائے گا۔ اس ہفتے کے آغاز میں ایشین فٹ بال کنفیڈریشن (اے ایف سی) نے کہا تھا کہ ٹورنامنٹ ملتوی کرنے کی ضرورت سے متعلق فیصلہ کرنے میں اسے کوئی جلدی نہیں۔

فیفا کا فٹبال فنڈز بڑھانے کا فیصلہ، پاکستان سمیت تمام رکن ممالک مستفید ہوں گے

فیفا کا دنیا بھر میں فٹبال کی ترقی کے لیے 6 ارب 35 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کا منصوبہ، فی ملک ڈھائی کروڑ ڈالر دینے کی تجویز

فیفا نے 2027 سے 2030 کے دوران فٹبال کی ترقی کے لیے مجوزہ فنڈنگ دگنی سے زیادہ کرنے کا منصوبہ پیش کیا ہے، رپورٹ

لندن (آئی این پی) فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے ورلڈکپ 2026 کی ریکارڈ تجارتی کامیابی کے بعد فٹبال کی ترقی کیلئے فنڈز بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیفا نے دنیا بھر میں فٹبال کی ترقی کے لیے 6 ارب 35 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کا منصوبہ بنایا ہے، جس کے تحت فیفا کے 211 رکن ممالک کو فی کس ڈھائی کروڑ ڈالر تک فنڈز فراہم کرنے کی تجویز ہے۔ فیفا نے 2027 سے 2030 کے دوران فٹبال کی ترقی کے لیے مجوزہ فنڈنگ دگنی سے زیادہ کرنے کا منصوبہ پیش کیا ہے۔ فیفا کے مجوزہ منصوبے کے تحت پاکستان سمیت تمام 211 رکن ممالک کو اضافی فنڈز مل سکیں گے۔ فیفا کے نئے فنڈنگ منصوبے کی حتمی منظوری مارچ 2027 میں فیفا کانگریس سے مشروط ہوگی۔ فیفا کونسل دسمبر 2026 کے اجلاس میں نئے فنڈنگ منصوبے کی تفصیلات کو حتمی شکل دے گی۔ فیفا فنڈز کی تقسیم میں خواتین اور نوجوانوں کے فٹبال اور انفرااسٹرکچر کی ترقی کو ترجیح دی جائے گی۔ فیفا نے ہنگامی حالات کے لیے ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کے ذخائر برقرار رکھنے کی تجویز بھی پیش کی ہے۔ دوسری جانب فیفا کے صدر جیانی انفینٹینو نے متنازع فیفا فارورڈ انٹرپرائز منصوبے پر تنقید کا اعتراف کرتے ہوئے معافی مانگ لی۔ جیانی انفینٹینو نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ فیفا فارورڈ انٹرپرائز منصوبہ مستقل طور پر واپس لے لیا گیا ہے، متنازع منصوبہ کسی بھی شکل میں دوبارہ پیش نہیں کیا جائے گا۔

ٹاپ سیڈ الیگزینڈر زویریف شنگھائی ماسٹرز ٹینس میں سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے

شنگھائی (این این آئی) جرمنی کے نامور ٹینس اسٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈ الیگزینڈر زویریف اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت اے ٹی پی شنگھائی ماسٹرز ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 29 سالہ جرمن ٹینس اسٹار الیگزینڈر زویریف مینز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں آسٹریلیا کے حریف کھلاڑی ایلکس ڈی مینور کو 0-2 سیٹس سے شکست دے کر شنگھائی ماسٹرز ٹینس ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ چین کے شہر شنگھائی میں جاری اے ٹی پی ایونٹ میں کھیلے گئے مینز سنگلز مقابلوں کے ٹاپ 16 راؤنڈ میچ میں 29 سالہ جرمن ٹینس اسٹار الیگزینڈر زویریف نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے 27 سالہ آسٹریلوی حریف کھلاڑی ایلکس ڈی مینور کو سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 4-6 سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

پاکستان بیٹنگ لائن کو مضبوط اور ورلڈکپ کے لیے تیار کرنا چاہتے ہیں، مائیکل سمتھ

بیٹنگ لائن میں وسعت اور مضبوطی لانے کے لیے ہر پوزیشن پر مختلف آپشنز تیار کیے جائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ مائیکل سمتھ نے کہا ہے کہ قومی بلے بازوں کو وکٹ پر درپیش مختلف چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے تیار کیا جا رہا ہے، جبکہ بیٹنگ لائن میں وسعت اور مضبوطی لانے کے لیے ہر پوزیشن پر مختلف آپشنز تیار کیے جائیں گے۔ پی ٹی وی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے جنوبی افریقہ سے تعلق رکھنے والے بیٹنگ کوچ مائیکل سمتھ نے کہا کہ اتوار سے شروع ہونے والی سہ ملکی سیریز پاکستان ٹیم کے ساتھ ان کی تیسری سیریز ہوگی۔ وہ لیول فور کوچ ہونے کے ساتھ سابق فرسٹ کلاس کرکٹر بھی ہیں۔ مائیکل سمتھ نے کہا کہ ٹیم کا مقصد سہ ملکی سیریز سے لے کر آئندہ تمام سیریز میں جیت کے جذبے اور مثبت سوچ کے ساتھ کرکٹ کھیلنا ہے۔ ٹیم ایسی حکمت عملی پر کام کر رہی ہے جس سے بیٹنگ لائن اپ کو مزید مضبوط بنایا جا سکے اور ہر بیٹنگ پوزیشن کے لیے متبادل کھلاڑیوں کے آپشنز موجود ہوں۔

پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی ون ڈے سہ ملکی سیریز سے پاتھم نسانکا باہر

سری لنکن اوپنر انجری کے باعث میڈیکل کلیئرنس حاصل نہ کرسکے، لہیرو اودارا کو اسکواڈ میں شامل کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سری لنکا کے اوپننگ بیٹر پاتھم نسانکا پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان ہونے والی ون ڈے سہ ملکی سیریز سے باہر ہوگئے۔ پاتھم نسانکا انگلینڈ کے حالیہ دورے کے دوران بائیں ران کی انجری کا شکار ہوئے تھے، انہیں کھیل میں واپسی کے لیے طبی اجازت نہیں مل سکی۔ ان کی جگہ لہیرو اودارا کو 16 رکنی سری لنکن اسکواڈ میں شامل کرلیا گیا ہے۔ سات میچوں پر مشتمل سہ ملکی سیریز 18 سے 31 اکتوبر تک کھیلی جائے گی جس کے مقابلے راولپنڈی اور لاہور میں ہوں گے۔ سری لنکا کے سابق کپتان چارتھ اسالنکا کو انگلینڈ کے دورے میں ون ڈے میچوں کے دوران مایوس کن کارکردگی کے باعث اسکواڈ سے ڈراپ کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے آخری تین اننگز میں صرف ایک، 11 اور 7 رنز بنائے تھے۔ پاکستان اپنی مہم کا آغاز 18 اکتوبر کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں سری لنکا کے خلاف میچ سے کرے گا جبکہ 20 اکتوبر کو اسی میدان پر انگلینڈ سے مقابلہ ہوگا۔ سری لنکا اور انگلینڈ کی ٹیمیں 22 اکتوبر کو راولپنڈی میں مدمقابل ہوں گی۔ اس کے بعد سیریز لاہور منتقل ہو جائے گی

نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں سٹرائیکرز اور چیلنجرز کی کامیابی

سٹرائیکرز نے انوسبلز کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی، انوسبلز کی ٹیم 9 وکٹوں پر 99 رنز بنا سکی

فیصل آباد (آن لائن) فیصل آباد میں جاری نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں سٹرائیکرز اور چیلنجرز کی کامیابی۔ سٹرائیکرز نے انوسبلز کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی۔ انوسبلز کی ٹیم 9 وکٹوں پر 99 رنز بنا سکی۔ سٹرائیکرز نے 100 رنز کا ہدف 18 اوورز میں حاصل کرلیا۔ میمہ سہیل نے 54 اور نتالیہ پرویز نے ناقابل شکست 20 رنز بنائے۔ رامین شمیم نے 12 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں۔ تانیہ سعید نے 16 رنز کے عوض تین کھلاڑی آؤٹ کیے۔ تسمیہ رباب 34 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہیں۔ میمہ سہیل اور رامین شمیم مشترکہ پلیئرز آف دی میچ قرار پائیں۔ دوسرے میچ میں چیلنجرز نے سٹارز کو چھ رنز سے شکست دے دی۔ چیلنجرز نے پانچ وکٹوں پر 149 رنز بنائے۔ عائشہ ظفر نے 71 اور کومل خان نے 31 رنز سکور کیے۔ سٹارز کی ٹیم چھ وکٹوں پر 143 رنز بنا سکی۔ ارم جاوید نے 52 اور صدف شمس نے 50 رنز بنائے۔ ماہ نور زیب نے 20 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔ ماہ نور زیب پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

جونیئر اسکواش اوپن چیمپئن شپ: پاکستان کی ماہ نور علی نے بھارتی کھلاڑی کو شکست دیدی

ماہ نور علی نے 0-3 سے کامیابی حاصل کرکے فائنل فور میں رسائی پالی، ماہ نور علی نے 11-7، 11-6 اور 11-6 سے فتح اپنے نام کی

کوالالمپور میں جاری ملائیشیا جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں بھارتی کھلاڑی کو ایک بھی گیم جیتنے کا موقع نہ دیا

کراچی (آن لائن) پاکستان کی ویمن اسکواش کھلاڑی ماہ نور علی نے دنیا کی پہلی ڈائمنڈ کیٹیگری جونیئر اوپن چیمپئن شپ میں بھارت کی سیڈ 5 دیویانشی جین کو شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ موصول اطلاعات کے مطابق پشاور سے تعلق رکھنے والی علی سسٹرز میں سب سے بڑی بہن ماہ نور علی نے کوالالمپور کے نیشنل اسکواش سینٹر میں جاری ملائیشیا جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ 2026 کے کوارٹر فائنل میں بھارتی کھلاڑی کو ایک بھی گیم جیتنے کا موقع نہ دیا۔ ماہ نور علی نے 0-3 سے کامیابی حاصل کرکے فائنل فور میں رسائی پالی، ماہ نور علی نے 11-7، 11-6 اور 11-6 سے فتح اپنے نام کی۔

جھل مگسی: واٹر سپلائی اسکیم کے تعمیراتی کام آخری مراحل میں داخل

ڈپٹی کمشنر سید رحمت اللہ شاہ کا دورہ، جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ

اوور ہیڈ ٹینک کی چھت کا کام جاری، پائپ لائنوں سمیت متعدد مراحل مکمل

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا گنداواہ واٹر سپلائی اسکیم BSDI فیز ون کا دورہ جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے ایکسین محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ PHE شکیل احمد انصاری اور انجینئر پی ایچ ای عبد الخالق آرائیں کے ہمراہ گنداواہ واٹر سپلائی اسکیم WSS کے تحت بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو BSDI فیز ون کے جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف حصوں پر ہونے والے تعمیراتی کاموں اور موجودہ پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ کے مطابق منصوبے کے اہم حصے اور ہیڈ واٹر ٹینک OHW کی تعمیر آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے واٹر ٹینک کی مطلوبہ اونچائی اور اطراف کی دیواروں میں سریے کی تنصیب کا کام مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ دیواروں کی بھرائی کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے ٹینک کی چھت کی تعمیر کا کام جاری ہے جسے آئندہ ایک سے دو روز میں مکمل کرنے کی توقع ہے مزید بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت پانی ذخیرہ کرنے کی سہولت پاور ہاؤس حفاظتی چاردیواری اور پانی کی ترسیل کے لیے پائپ لائنوں کے نیٹ ورک کی تنصیب سمیت دیگر اہم کام مکمل کیے جا چکے ہیں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی نے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے تعمیراتی مراحل اور تکمیل کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ گنداواہ واٹر سپلائی اسکیم کی تکمیل علاقے کے شہریوں کو پینے کے پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اہمیت کی حامل ہے واضح رہے کہ BSDJ فیز ون کے تحت جاری یہ منصوبہ گنداواہ میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے اور شہریوں کو پینے کے پانی کی سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے اہم ترقیاتی منصوبوں میں شامل ہے

موسیٰ خیل: ملیریا کنٹرول کرنے کیلئے صحت کے کارکنوں کی تربیت مکمل

ورگ میں چار روزہ ورکشاپ، ہیلتھ ورکرز کو تشخیص، ٹیسٹنگ اور علاج کی عملی تربیت

بی آر ایس پی کے زیر اہتمام تربیت، دور دراز علاقوں میں بنیادی طبی سہولیات بہتر بنانے کا عزم

موسیٰ خیل (خ ن) بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام موسیٰ خیل میں ملیریا کنٹرول پروگرام اور انٹیگریٹڈ کمیونٹی کیس مینجمنٹ کی مہارتوں کی منتقلی کے حوالے سے چار روزہ تربیتی ورکشاپ کامیابی کے ساتھ تحصیل ورگ میں منعقد کی گئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر حبیب الرحمن کاکڑ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی ماسٹر ٹرینر اقبال بی آر ایس پی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر شفیق جعفر اور نمائندہ انڈس ہاسپٹل ظہور احمد خان نے بھی شرکت کی تقریب کا مقصد ضلعی سطح پر صحت کے کارکنان اور فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کو ملیریا اور دیگر موسمی بیماریوں کی بروقت تشخیص اور علاج کے لیے جدید تکنیکی مہارتیں منتقل کرنا۔ اس ورکشاپ میں مقامی ہیلتھ ورکرز، کمیونٹی ہیلتھ موبلائزرز اور صحت کے شعبے سے وابستہ ضلعی عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔ ماہرین نے شرکاء کو ICCM پروٹوکولز، ملیریا کی علامات، ٹیسٹنگ کے طریقہ کار، اور مریضوں کی بروقت دیکھ بھال کے بارے میں تفصیلی عملی تربیت دی۔ کمیونٹی کی سطح پر ملیریا سے بچاؤ کے لیے حفاظتی تدابیر جیسے مچھر دانیوں کا استعمال ٹی بی ایڈز اور صفائی ستھرائی کے بارے میں عوامی آگاہی بڑھانے پر بھی زور دیا گیا ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ اس اقدام سے موسیٰ خیل کے دور دراز علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات بالخصوص ملیریا کی روک تھام اور اس کے موثر علاج میں نمایاں بہتری آنے کی توقع ہے۔

چمن: انتظامیہ کی جانب سے اشیائے خورونوش کے معیار اور قیمتوں کی جانچ پڑتال

نانبائیوں کے ہاں روٹی کا وزن چیک، زائد قیمتوں اور ناقص اشیاء کی روک تھام کی ہدایت

ایکسپائری تاریخ، صفائی اور سرکاری نرخناموں کا معائنہ، خلاف ورزی پر قانونی کارروائی کا انتباہ

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن عزیز اللہ خان کاکڑ نے آج چمن شہر کے مختلف بازاروں اور تجارتی مراکز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اشیائے خورونوش، مشروبات، نانبائیوں، بیکریوں اور دیگر خوردنی اشیاء فروخت کرنے والی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانوں میں سرکاری نرخنامے کی نمایاں جگہوں پر آویزاں کرنے، مقررہ سرکاری نرخوں کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فروخت اور صارفین کو معیاری اشیاء کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دکانوں میں موجود خوردنی اشیاء کی تاریخ تنسیخ، معیار، صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل درآمد کا بھی معائنہ کیا، جبکہ مشروبات اور دیگر اشیائے خورونوش کے معیار اور سیفٹی احتیاطی تدابیر کا بھی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے نانبائیوں کی دکانوں پر روٹی کے مقررہ وزن کو بھی چیک کیا اور وزن کے ذریعے اس امر کا جائزہ لیا کہ شہریوں کو مقررہ وزن اور سرکاری نرخوں کے مطابق روٹی فراہم کی جا رہی ہے یا نہیں۔ انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخنامے نمایاں مقامات پر آویزاں کریں، مقررہ قیمتوں پر اشیاء فروخت کریں، زائد قیمت وصول کرنے سے گریز کریں

قلات: عوامی مسائل کے حل کیلئے قبائلی عمائدین کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری سے عبدالصمد مینگل، قبائلی عمائدین مراد بخش بنجاری، قاری اللہ داد، ماسٹر محمد اسماعیل، مفتی محمد یونس، منظور محمد، محمد اکرم اور دیگر معززین نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران علاقے کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر محلہ بس شہر کے ٹرانسفارمر کی خرابی، اراضیات کے تازے زمینداروں کو یوریا کھاد کی فراہمی اور دیگر عوامی مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد کے شرکاء کے مسائل غور سے سنے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے اس موقع پر کہا کہ عوامی مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی میں بہتری لانا ہماری ذمہ داری ہے، جبکہ علاقے کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت اور مسائل کے حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی

گنداواہ: فیصل جمالی کی کاوشوں سے فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر آخری مراحل میں داخل

گنداواہ (آن لائن) صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کی کاوشوں سے فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر 95 فیصد مکمل، فنشنگ کا کام جاری، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کی جانب سے عوامی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ اس سلسلے میں گنداواہ میں فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر کا کام 95 فیصد مکمل ہو چکا ہے، جبکہ عمارت کی فنشنگ کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر مکمل ہونے سے گنداواہ کے شہریوں کو ہنگامی حالات، خصوصاً آگ لگنے کے واقعات سے نمٹنے میں مدد ملے گی اور عوام کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ اس موقع پر ایکسین لوکل گورنمنٹ نصیر احمد چندرانی اور محمد یاسین جمالی صاحب اور نے زیر تعمیر فائر بریگیڈ آفس کا دورہ کیا گنداواہ پریس کلب کے صدر سلیم گولا پانگ بھی ہمراہ تھے انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کام جلد از جلد مکمل کیا جائے تا کہ یہ اہم منصوبہ عوام کے لیے فعال ہو سکے۔

حب: ساکران مین روڈ پر کچرے کے ڈھیر، شہری پریشان

قبرستان کے قریب 15 روز سے کچرا جمع، بدبو سے دکانداروں اور راہگیروں کو مشکلات

شہریوں کی کمشنر لسبیلہ، ڈپٹی کمشنر حب اور اسسٹنٹ کمشنر سے فوری نوٹس لینے کی اپیل

حب (این این آئی) بلوچستان کے صنعتی شہر حب کے علاقے ساکران مین روڈ پر واقع قبرستان کے قریب کچرے کے ڈھیر جمع ہونے سے شہریوں دکانداروں اور راہگیروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کے مطابق گزشتہ 15 روز سے کچرا اٹھانے کے لیے موثر اقدامات نہیں کیے گئے جس کے باعث علاقے میں بدبو پھیل رہی ہے اور کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ساکران مین روڈ پر صبح سے رات گئے تک لوگوں کی آمدورفت جاری رہتی ہے جہاں سے مرد خواتین بچے اور بزرگ روزانہ گزرتے ہیں۔ کچرے کے ڈھیر اور ان سے اٹھنے والی شدید بدبو نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ علاقے میں جمع کچرے کے اندر جانوروں کی کھال بھی موجود ہے جس سے تعفن مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کے مطابق کچرے کی طویل عرصے تک موجودگی سے مچھروں اور مکھیوں کی افزائش سمیت مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کا خطرہ بڑھ سکتا ہے جس سے عوامی صحت متاثر ہونے کا اندیشہ۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ میونسپل کارپوریشن حب کی جانب سے صفائی کے حوالے سے تاحال موثر اقدامات نظر نہیں آرہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک اہم شاہراہ اور قبرستان کے قریب صفائی کی صورت حال پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ شہریوں کو مزید پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ علاقہ مکینوں اور دکانداروں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل اور اسسٹنٹ کمشنر حب مہم خان تنگی سے اپیل کی ہے کہ وہ صورت حال کا نوٹس لیں میونسپل کارپوریشن حب کی صفائی سے متعلق کارکردگی کا جائزہ لیں اور ساکران مین روڈ پر قبرستان کے قریب جمع کچرے کو فوری طور پر اٹھانے کے احکامات جاری کریں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حب شہر میں صفائی ستھرائی کا مستقل نظام بنایا جائے اور متعلقہ عملے کو پابند کیا جائے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر کچرا اٹھانے اور عوامی مقامات کو صاف رکھنے کے اقدامات یقینی بنائے۔

ڈکی: خصوصی افراد کے مسائل حل کرنے کیلئے انتظامیہ متحرک

کھلی کچہری میں تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات سے متعلق شکایات پیش

ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی کی متعلقہ محکموں کو مسائل حل کرنے کی ہدایت

ڈکی (خ ن) ضلعی انتظامیہ ڈکی کے زیر اہتمام خصوصی افراد کو درپیش مشکلات اور مسائل کے حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع بھر سے معذور اور خصوصی افراد نے شرکت کی اور اپنے مسائل، بنیادی سہولیات کی ضروریات اور دیگر مشکلات سے متعلق ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کو آگاہ کیا کھلی کچہری میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور نمائندگان کی شرکت کا مقصد خصوصی افراد کے مسائل براہ راست سننا، ان کی مشکلات متعلقہ اداروں کے نوٹس میں لانا اور ان کے فوری و موثر حل کے لیے عملی اقدامات کو یقینی بنانا تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمن کبدانی، 87 ونگ کے کرنل شاہد بلال، ایس پی ڈکی یونس رضا، ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی خیر اللہ ناصر، چیئرمین میونسپل کمیٹی ملک کلیم اللہ ترین، لوکل گورنمنٹ سیکرٹری محمد اعظم قادری، ایم ایس ڈاکٹر جوہر شاہ دوزئی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سمندر خان ناصر سمیت مختلف محکموں کے افسران، نمائندگان اور دیگر معززین موجود تھے اس موقع پر خصوصی افراد نے تعلیم، صحت، روزگار، بنیادی سہولیات، آمدورفت، سرکاری مراعات اور دیگر مسائل سے متعلق اپنے مطالبات اور مشکلات حکام کے سامنے پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے شرکاء کے مسائل غور سے سنے اور متعلقہ افسران کو ضروری اقدامات کی ہدایت دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ خصوصی افراد کے مسائل کے حل اور انہیں ممکنہ سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے تعاون سے موثر اقدامات کیے جائیں گے ڈپٹی کمشنر نے اس امر پر زور دیا کہ خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں باعزت زندگی گزارنے، تعلیم و روزگار حاصل کرنے اور معاشرے کے دیگر افراد کی طرح آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا ریاستی و معاشرتی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی افراد کی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنا کردار مزید موثر انداز میں ادا کرنا ہوگا کھلی کچہری کے دوران شرکاء نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی افراد کے لیے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے فورمز کے ذریعے انہیں براہ راست اپنے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچانے کا موقع ملتا ہے ضلعی انتظامیہ ڈکی کے مطابق خصوصی کھلی کچہری کا بنیادی مقصد خصوصی افراد کی مشکلات کی نشاندہی، ان کی شکایات کا ازالہ اور متعلقہ سرکاری اداروں کے ذریعے انہیں ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،

گنداخہ: پرانے ترازو اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، عوامی حلقے

گنداخہ (اے این این) گنداخہ شہر کے شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر محترمہ ماریہ شمعون سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں اشیائے ضروریہ فروخت کرنے والے دکانداروں کے زیر استعمال پرانے ترازوؤں کی فوری جانچ پڑتال کی جائے، جبکہ مرغی فروشوں اور سبزی فروشوں کو روزانہ کی بنیاد پر جاری کردہ سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گنداخہ میں متعدد دکاندار اب بھی پرانے ترازو استعمال کر رہے ہیں، جن کے وزن میں مبینہ طور پر فرق پایا جاتا ہے۔ اس صورتحال کے باعث خریداروں کو درست وزن کے مطابق اشیاء نہ ملنے اور مالی نقصان اٹھانے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ حکام تمام ترازوؤں کی جانچ پڑتال کریں اور وزن میں کمی بیشی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائیں، تاکہ عوام کو درست وزن کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ دوسری جانب شہریوں نے مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں اضافے اور نرخوں میں غیر یقینی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرغی فروشوں کو روزانہ کی بنیاد پر جاری کردہ سرکاری نرخ نامے کا پابند بنایا جائے اور مقررہ قیمتوں سے زائد وصولی کی روک تھام کے لیے بازاروں میں باقاعدہ چیکنگ کی جائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ سبزی فروشوں کو بھی روزانہ کی بنیاد پر سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے۔

لورالائی: معدنی سرگرمیوں کے تنازعات نمٹانے کیلئے انتظامی اقدامات تیز

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس، مائننگ لیزز اور مقامی آبادی کے تحفظات کا جائزہ

قانون کی خلاف ورزی پر کارروائی، تنازعات کے منصفانہ حل اور امن پر زور

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ماسٹر لیزان کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں جاری معدنی سرگرمیوں، مائننگ لیزز، مقامی آبادی کے تحفظات، کان کنی سے متعلق تنازعات اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ضلع میں معدنی وسائل کے استعمال، کان کنی کے علاقوں کی صورتحال، لیز ہولڈرز اور مقامی آبادی کے درمیان پیدا ہونے والے مسائل سمیت مختلف معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے معدنی سرگرمیوں اور زیر غور معاملات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ بھی دی گئی اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ ضلع میں تمام معدنی سرگرمیاں متعلقہ قوانین، قواعد وضوابط اور سرکاری پالیسی کے مطابق انجام دی جائیں، جبکہ کان کنی کے دوران مقامی آبادی کے جائز حقوق، مفادات اور تحفظات کو بھی مدنظر رکھا جائے ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے کہا کہ معدنی وسائل ضلع کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، تاہم کان کنی کے عمل میں قانون کی بالادستی، شفافیت، مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ اور امن و امان کا قیام اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مائننگ سے متعلق معاملات میں تمام فریقین کو قانون کے مطابق سنا جائے اور تنازعات کو باہمی مشاورت، گفت وشنید اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے حل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی فریق کو قانون ہاتھ میں لینے یا امن و امان کی صورتحال متاثر کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور بروقت معلومات کے تبادلے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کان کنی سے متعلق شکایات اور مسائل کو بلاوجہ زیر التوا رکھنے کے بجائے مقررہ طریقہ کار کے تحت فوری طور پر نمٹایا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مائننگ ایریاز میں قانونی تقاضوں، حفاظتی اقدامات اور دیگر متعلقہ امور کی مؤثر نگرانی کی جائے، جبکہ غیر قانونی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ معدنی سرگرمیوں کو قانونی دائرہ کار میں فروغ دیتے ہوئے مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ، تنازعات کا منصفانہ حل اور کان کنی کے علاقوں میں پائیدار امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کام جاری رکھیں گے۔

QUO NON ASCENDAM — TO WHAT HEIGHTS CAN I NOT RISE!

ARMY BURN HALL COLLEGE FOR GIRLS ABBOTTABAD

ADMISSION OPEN (SESSION 2027)

Applications on prescribed forms are invited for admission in following classes. Prospectus may be obtained from the college on payment of Rs. 7000/- (including Registration fee) or by post through a Bank Draft of Rs. 7500/- in the name of Principal Army Burn Hall College for **Girls Abbottabad (FTN# 9010357)**. Admission form can also be downloaded from college website. In case of downloading, Bank draft of **Rs. 7500/-** will be attached with the form.

ADMISSION OPEN in Classes Mentioned Below

Girls – Day Scholars

Classes	Age as on 1 Mar 2027	Syllabus
Prep	5 - 6	Interviews Only
I	6 - 7	English, Urdu, Maths (Test)
PJC - II	11 - 12	-do-
PJC - IV	13 - 14	-do-

Boys – Boarders

Classes	Age as on 1 Mar 2027	Syllabus
Prep	5 - 6	Interviews Only
I	6 - 7	English, Urdu, Maths (Test)
II	7 - 8	-do-
III	8 - 9	-do-
IV	9 - 10	-do-
V	10 - 11	-do-
VI	11 - 12	-do-

Pre-Montessori (Boys & Girls - Day Scholars) Age: 3-4 Years (on 1st March 2027)

Last Date to Apply 20 Nov 2026

Test Date 29 November 2026 (Sunday)

Interviews Last week of January 2027

- Test will be conducted simultaneously in following cities

Abbottabad | Multan | Lahore | Karachi | Quetta

Final selection against the available seats will be made on performance of the candidates in written test and interview. Selected candidate will be issued call letters in **February 2027** for joining the classes.

PRINCIPAL | Ph: (0992) 340572 / 340572 / 73-74 | Website: www.abhcg.edu.pk | abhc.girls@gmail.com | Home.of.Hallian

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 86/26 — درخواست — گارڈین

امبرین بیگم ولد مرزا امین بیگ پتہ H نمبر 6-3/33949 محلہ رحیم بخش لائن زرغون روڈ کوئٹہ بنام 1۔ عوام الناس 2۔ مرزا عرفان ولد مرزا امین پتہ H نمبر 5-3/16 موتی رام روڈ کوئٹہ 3۔ اقصیٰ زوجہ مرزا عرفان پتہ H نمبر 5-3/16 موتی رام روڈ کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 21/10/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 9/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا

63908

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر B-10 طوغی ہاؤسنگ اسکیم کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسماۃ فاطمہ جبیں زوجہ جمال عبدالناصر خان مالک ہے اور مذکورہ جائیداد کو بذریعہ گفٹ ڈیڈ اپنے بیٹے مسمی فصیح خان ولد جمال عبدالناصر خان کے نام کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

افضل مغل سٹاف

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی

بقیہ 1 — میر سرفراز بگٹی

قائم کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف ریاستی کوششوں اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو بھی ملحوظ رکھیں گے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے دونوں صوبوں میں دہشت گردی کے خلاف اقدامات، سیاسی قیادت کے طرز عمل اور عملی عزم کو سامنے رکھنا چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سیاسی اختلافات کے باوجود دہشت گردی کے خلاف مشترکہ موقف قومی مفاد کو ترجیح دینے کی اہم مثال ہے۔ بلوچستان اسمبلی میں دہشت گردی کے خلاف حکمت عملی، اہم فیصلوں اور متعلقہ معاملات پر اپوزیشن کو اعتماد میں لیا جاتا ہے اور حکومت تمام پارلیمانی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری مختلف مواقع پر اس طرز عمل کا اعتراف کر چکے ہیں، جبکہ بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے پارلیمانی لیڈر میر جہانزیب مینگل کی اسمبلی میں حالیہ تقریر بھی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ صوبے کی سیاسی قیادت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی ذمہ داری اور کردار کو تسلیم کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام، نیشنل پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) اور دیگر پارلیمانی جماعتیں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ موقف رکھتی ہیں۔ یہ سیاسی ہم آہنگی اس بات کا اظہار ہے کہ بلوچستان میں امن وامان اور قومی سلامتی کے معاملات کو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر دیکھنے کی ضرورت تسلیم کی جاتی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض بیانات یا سیاسی دعوؤں کا معاملہ نہیں بلکہ ریاست اور پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے سنگین خطرے کے خاتمے کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہا ہے اور اس جنگ میں پاک فوج سمیت تمام سیکیورٹی اداروں کے افسران اور جوان بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ ہر شہادت کے پیچھے ایک خاندان کا دکھ، والدین کی جدائی اور ادھورے خوابوں کی داستان ہوتی ہے۔ ان قربانیوں کا تقاضا ہے کہ قومی سلامتی کے معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے اور دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ ہونے دیا جائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن سینئر سیاست دان ہیں اور ان کی جماعت دہشت گردی کے باعث خود بھی جانی و سیاسی نقصانات برداشت کر چکی ہے۔ ایسے میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ کرتے ہوئے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ دونوں صوبوں میں دہشت گردی کے خلاف عملی اقدامات کیا ہیں، سیاسی قیادت کس حد تک مشترکہ حکمت عملی اختیار کر رہی ہے اور ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون کی صورت حال کیا ہے۔ دہشت گردی کے معاملے پر غیر واضح موقف یا حقائق سے صرف نظر قومی مفاد کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کی سیاسی قیادت اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ پائیدار امن کے بغیر ترقی، عوامی فلاح اور معاشی استحکام کے اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ اسی لیے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اختلاف رائے کے باوجود دہشت گردی کے خلاف مشترکہ موقف کو اہمیت دی جاتی ہے۔ یہ طرز عمل اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ سیاسی اختلافات جمہوری عمل کا حصہ ہیں، لیکن قومی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے معاملات پر اتفاق رائے اور تعاون ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی حکومت کے خاتمے اور اس کے سیاسی و انتظامی نتائج پر بحث ہو یا بلوچستان کی حکومت کی کارکردگی کا جائزہ، ہر معاملے میں حقائق، عملی اقدامات اور عوام کو فراہم کیے گئے نتائج کو معیار بنانا چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیاسی جماعتوں اور حکومتوں پر تنقید جمہوری حق ہے، تاہم دہشت گردی جیسے حساس قومی مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے ریاست کو درپیش چیلنجز، سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کے دکھ کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ ان کا موقف واضح ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو سیاسی وابستگیوں اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر دیکھا جانا چاہیے۔ قومی یکجہتی، سیاسی قیادت کی ذمہ دارانہ گفتگو، ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون اور زمینی حقائق کی بنیاد پر موقف اختیار کرنا ہی وہ راستہ ہے، جس سے ملک میں پائیدار امن کے قیام کی کوششوں کو تقویت دی جا سکتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مولانا فضل الرحمن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ قومی سلامتی سیاست سے بالاتر ہے۔ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، مگر خدارا ریاست کو سیاست کی نذر نہ کیجیے۔

بقیہ 2 — پاک فوج

نے بتایا کہ پاک فوج کے تائدہ سیکٹر، اپر کرم اور غوز گڑھی میں افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا گیا، غوز گڑھی سرحد پر جوابی کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے متعدد اہلکار ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا تھا کہ اپر کرم سیکٹر میں پاک فوج نے آرٹلری فائر کے ذریعے افغان طالبان کی ٹاپسر پوسٹ اور شپولا ہیں کیمپ کو نشانہ بنایا جبکہ پاک فوج کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں شپولا ہیں کیمپ مکمل طور پر تباہ ہونے کی اطلاع ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق، پاک افغان سرحد پر افغان طالبان رجیم کی دہشت گردوں کی معاونت میں بلااشتعال فائرنگ، پاک فوج کا منہ توڑ جواب جاری، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ کا پاک فوج کی جانب سے بھاری ہتھیاروں سے مؤثر جواب۔ پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائی میں افغان طالبان کی متعدد پوسٹیں تباہ، طالبان رجیم کے اہلکار پوسٹیں چھوڑ کر فرار، پاک فوج سرحدوں کے دفاع اور ملکی سلامتی کے لیے ہر وقت چوکس اور پرعزم ہیں۔ سیاسی رہنماؤں کی جانب سے افغان دراندازی پر بھرپور جواب دینے پر پاک فوج کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان ملکی سرحدوں کی حفاظت کیلئے چوکس ہیں، خیبر پختونخوا، کے علاقوں میں افغان طالبان کی دراندازی کیخلاف پاک فوج کی جانب سے بھر جواب لائق تحسین ہے۔

بقیہ 3 — کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ

پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس کے کندھوں پر ہے۔ انہوں نے کیڈٹس پر زور دیا کہ وہ دیانتداری اور جرأت کے ساتھ پیشہ ورانہ چیلنجز کا سامنا کریں انہوں نے کہا کہ خواتین کیڈٹس کی شرکت فخر کا باعث ہے۔ افواج پاکستان نے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے ثالثی کا کردار ادا کر رہا ہے جسے عالمی سطح پر سراہا گیا ہے۔ پاک فوج ملک کے چپے چپے کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت مستعد ہے۔ جنرل سید عاصم رضا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرحد پار سے ہونے والی دراندازی کسی بھی صورت قابل برداشت نہیں اور اس حوالے سے کسی بھی خلاف ورزی کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں فوری بند ہونی چاہئیں۔ مقبوضہ کشمیر کا دیرینہ تنازعہ بھی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں مختلف کورسز مکمل کرنے والے کیڈٹس کی پروقار پاسنگ آؤٹ پریڈ منعقد ہوئی، جس میں 154 ویں پی ایم اے لانگ کورس، 39 ویں ٹیکنیکل گریجویٹ کورس سمیت 73 ویں انٹیگریٹڈ کورس اور 28 ویں لیڈی کیڈٹ کورس کے کیڈٹس شامل تھے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کئی دوست ممالک کے کیڈٹس نے بھی پاکستان ملٹری اکیڈمی سے گریجویشن مکمل کی۔ ان میں بنگلہ دیش، عراق، مالدیپ، فلسطین، قطر، سری لنکا، تاجکستان اور یمن کے کیڈٹس شامل تھے۔ کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عاصم رضا نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، پریڈ کا معائنہ کیا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے کیڈٹس میں انعامات تقسیم کیے۔ 154 ویں پی ایم اے لانگ کورس کے اکیڈمی سینئر انڈر آفیسر محمد جنید جبار کو 'اعزازی شمشیر' جبکہ بٹالین سینئر انڈر آفیسر سید حسن عباس کو صدارتی 'گولڈ میڈل' سے نوازا گیا۔ 154 ویں پی ایم اے لانگ کورس کے بنگلہ دیش کے سینئر انڈر آفیسر ریاض محمود خان کو 'چیف آف ڈیفنس فورسز اوورسیز گولڈ میڈل' جبکہ کمپنی اسپورٹس سارجنٹ محمد عبداللہ کو 'مارکس مین میڈل' دیا گیا۔ 39 ویں ٹیکنیکل گریجویٹ کورس کے کورس انڈر آفیسر علی احمد مصطفیٰ کو 'چیف آف آرمی اسٹاف کین' (اعزازی چھڑی) دی گئی۔ 73 ویں انٹیگریٹڈ کورس کے کورس انڈر آفیسر محمد حمزہ فیاض اور 28 ویں لیڈی کیڈٹ کورس کی کورس جونیئر انڈر آفیسر مریم طارق کو کمانڈنٹ کی چھڑی سے نوازا گیا۔

بقیہ 4 — نواز شریف

کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں حالات قابو سے باہر ہو رہے تھے، ایمرجنسی کا فیصلہ پہلے ہونا چاہیے تھا، تحریک انصاف نے گزشتہ 13 سال میں خیبر پختونخوا کو نقصان پہنچایا۔ ان کا کہنا تھا کہ کس ملک میں وزیراعلیٰ سرکاری وسائل سے وفاقی دارالحکومت پر حملہ کرتا ہے؟ صوبائی وسائل کو اسلام آباد اور دوسرے صوبوں کے خلاف استعمال کرنا کہاں کا طریقہ ہے؟ نواز شریف کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام تحریک انصاف کی حکومت سے آزاد ہو گئے ہیں، مسلم لیگ ن پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پرعزم ہے، وفاق اور صوبائی حکومتیں عام آدمی کی بہتری کے لیے کوششیں کر رہی ہیں۔

بقیہ 5 — توشہ خانہ

دستاویز کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر اقتصادی امور احد چیمہ، وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ، وزیر ریلوے حنیف عباسی اور وزیر مملکت شزہ فاطمہ کے نام بھی فہرست میں شامل ہیں۔ مشیر نجکاری محمد علی، معاون خصوصی طارق فاطمی، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک، ایڈیشنل اٹارنی جنرل عمر عالم، کویت میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر ظفر اقبال، سیکریٹری اقتصادی امور اور آمنہ بلوچ کو بھی تحائف ملے۔ جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران موصول ہونے والے تحائف میں روضہ رسول ﷺ اور خانہ کعبہ کے ماڈل، فیصل مسجد کا فریم، پینٹنگز، شیلڈز، چائے کے سیٹ، ٹائیاں، آرائشی اشیا، خنجر، قالین، اسکارف، ہاتھ سے تیار کردہ ایرانی تانبے کے ڈبے، چائے کے کپ، عطر، نیکلیس اور موسیقی کے آلات شامل ہیں۔ دستاویز کے مطابق تمام وصول کنندگان نے تحائف توشہ خانہ میں جمع کروا دیے ہیں جبکہ کابینہ ڈویژن ان کی مالیت کا تخمینہ لگوا رہا ہے۔ اس سے قبل موجودہ حکومت 2002 سے جون 2026 تک کا توشہ خانہ ریکارڈ عام کر چکی ہے جبکہ 1997 سے 2001 تک کا ریکارڈ بھی جاری کیا جا چکا ہے۔

بقیہ 6 — وزیراعظم

دھرنوں سے پورے ملک کا نظام مفلوج ہوتا ہے، سہیل آفریدی کو کہا تھا صوبے کو جو وسائل چاہئیں فراہم کریں گے، خاموش تماشائی بن کر تباہی نہیں دیکھ سکتے تھے، اگر ایسا کرتے تو مجرمانہ غفلت ہوتی اور آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہ کرتیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سابق وزیراعلیٰ کو کہا دہشت گردی کے خلاف مل کر چلیں، جواب میں لانگ مارچ کی دھمکیاں مل رہی تھیں، اس بار انہوں نے خون ریزی کا منصوبہ بنایا تھا، پی ٹی آئی کی ماضی کی تاریخ بھیانک ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف بہت قربانیاں دی ہیں، افغانستان سے 2018 کے بعد سے دہشت گردی کا سلسلہ شروع ہوا جواب تک جاری ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ خلیجی جنگ کے اثرات پورے خطے پر ہیں، وزیراعظم مذاکراتی کمیٹی نے دن رات بیٹھ کر کوششیں کیں۔ خیال رہے کہ گزشتہ دنوں خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ کیا گیا جس کی پارلیمنٹ نے توثیق کر دی ہے۔

بقیہ 7 — دہشتگرد ہلاک

میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے ایریا سینیٹائزیشن آپریشن کیا، فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، خود ساختہ بم، گاڑی برآمد کر لی۔ اور دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو بھی تباہ کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ دہشت گردوں کے خلاف پوری قوت اور عزم کے ساتھ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 8 — شرط مسترد کردی

لیڈر محمود اچکزئی کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کے لیے تیسری جگہ مقرر کرنے کی شرط مسترد کردی۔ حکومت نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی واپس لینے کی شرط پر بھی پی ٹی آئی سے مذاکرات سے انکار کر دیا ہے۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات وزیراعظم ہاؤس میں ہی ممکن ہے، اپوزیشن لیڈر کا وزیراعظم ہاؤس کے علاوہ کسی اور مقام پر اصرار قابل قبول نہیں ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ایمرجنسی واپس لینے کی شرط پر پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون کرے تو بات ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرری کے لیے وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر کو 2 خطوط لکھے، جن کے جواب کا انتظار کر رہے ہیں۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ اپوزیشن لیڈر بتائیں وزیراعظم سے ملاقات کے لیے کب تشریف لا رہے ہیں۔

بقیہ 9 — شاہد رند

میڈیا پر مختلف افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں، جن کے تناظر میں عوام کو حقائق سے آگاہ رہنا چاہیے۔ بارڈر کی عارضی بندش کا بنیادی مقصد دونوں اطراف سیکیورٹی خدشات کا ازالہ، اسمگلنگ کی روک تھام اور سرحدی امور کی مؤثر نگرانی کے لیے ایک مربوط نظام وضع کرنا ہے۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سرحدی انتظامات کو بہتر بنانے اور متعلقہ مسائل کے حل کے لیے دونوں اطراف کے اعلیٰ حکام کے درمیان مثبت پیش رفت جاری ہے۔ انتظامی معاملات کو درست خطوط پر استوار کرنے اور درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس کے نتیجے میں پاک ایران بارڈر جلد کھلنے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی نظام کو مؤثر اور مربوط بنانے سے نہ صرف اسمگلنگ کی روک تھام میں مدد ملے گی بلکہ سرحدی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے میں بھی پیش رفت ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ قانونی تجارت سے وابستہ تاجروں کو سہولت فراہم کرنے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے بھی سازگار ماحول پیدا ہوگا۔ شاہد رند نے کہا کہ سرحدی امور سے متعلق انتظامی اور سیکیورٹی اقدامات کا مقصد تجارت میں غیر ضروری مشکلات پیدا کرنا نہیں بلکہ سرحدی نظام کو منظم، محفوظ اور مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے عوام اور متعلقہ حلقوں پر زور دیا کہ وہ غیر مصدقہ اطلاعات اور افواہوں پر توجہ دینے کے بجائے مستند معلومات پر اعتماد کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جاری مثبت پیش رفت کے نتیجے میں سرحدی معاملات میں بہتری آئے گی، اسمگلنگ اور بدامنی پر قابو پانے میں مدد ملے گی اور تاجروں کو مزید سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ 10 — صادق سنجرانی

راہنما صادق سنجرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سیاسی مفادات کے لیے قومی سلامتی پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔ مولانا فضل الرحمان کو حکومتی فیصلوں کی مخالفت کرنے کا پورا حق حاصل ہے، لیکن اس مخالفت کو پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور قومی مفادات پر بیانیے کے بہانے کے طور پر استعمال کرنا دشمن کے بیانیے کو تقویت دینے کا باعث بن سکتا ہے۔ دہشت گردی ایک قومی المیہ ہے، سیاسی سودے بازی کا آلہ نہیں۔ ہمارے شہداء کی قربانیاں اور ان کے خاندانوں کے مصائب احترام کے مستحق ہیں، نہ کہ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے۔ پاکستان کے مستقبل کا انحصار ذمہ داری، مقصد کی وضاحت اور دہشت گردی کو شکست دینے کے پختہ عزم پر ہے۔

بقیہ 11 — محمود اچکزئی

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے خیبر پختونخوا بارہ کے دورے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہاں جو واقعہ پیش آیا، وہ کوئی معمول کا واقعہ نہیں ہے۔ ہمارے بے گناہ نوجوانوں کو کس جرم کی سزا دی گئی؟ کیا محض نعرے لگانے پر انہیں گولیوں کا نشانہ بنایا جائے گا؟ یہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ یہ ہمارا وطن ہے، اور ہم یہاں ہونے والی ہر ناانصافی، ہر گالی، ہر پتھر اور ہر لاٹھی کا حساب مانگیں گے۔ ہم اس ملک (پاکستان) کا امن خراب نہیں کرنا چاہتے، لیکن اپنے حق اور اپنے لوگوں کے خون پر خاموش بھی نہیں رہیں گے۔ قرآن کریم میں بھی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کسی کو گالی دینا اور برا بھلا کہنا سخت ناپسندیدہ عمل ہے، لیکن مظلوم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ظالم کے خلاف آواز اٹھائے۔ جو بھی ظالم ہمارے وطن، ہمارے علاقوں اور ہمارے وسائل پر قبضہ کرنے کی کوشش کرے گا، ہم اس کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہوں گے اور اپنا حق چھین کر لیں گے۔ یہ پختونخوا ہے اور اس کی بنیاد ہمارے سروں کی قربانیوں پر رکھی گئی ہے۔ ہم یہاں کسی کو اپنے حقوق کا سودا نہیں کرنے دیں گے۔ ہم پولیس اور انتظامیہ کے افسران کو بھی یہ واضح پیغام دینا چاہتے ہیں کہ آپ ریاست پاکستان کے ملازم ہیں، کسی کے ذاتی خادم نہیں۔ آپ کو ان بے گناہ نوجوانوں پر ہونے والے ظلم اور قتل کا حساب دینا ہوگا۔ اس جدوجہد میں شامل ہمارے نوجوان ان تمام افسران اور اہلکاروں کے نام یاد رکھیں گے جنہوں نے یہ ظلم کیا ہے۔ اس کا مکمل حساب لیا جائے گا۔ چار کروڑ پشتونوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کر کے اپنی حکومت اور اسمبلی بنائی، لیکن ان پر دہشت گردی کا لیبل لگا دیا گیا۔ ہم پرامن لوگ ہیں اور اپنے آئینی حقوق کے لیے یکجہتی کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ میں کسی کو برا بھلا نہیں کہتا، لیکن اگر آپ مجھ پر ظلم کریں گے تو یہ میرا حق ہے کہ میں اس کے خلاف کھڑا ہوں۔ افغانستان کے ساتھ ہماری تجارت بند کر دی گئی ہے، جس کی وجہ سے ہمارے عوام اور زمینداروں کا معاشی نقصان ہو رہا ہے۔ آج پشتون ایک سستا مزدور بن گیا ہے جو دبئی، سعودی عرب، لاہور اور ایران کو تو تعمیر کرتا ہے لیکن اس کا اپنا گھر خستہ حال اور ویران ہے۔ ہم پاکستان کو بنانا اور ساتھ لے کر چلانا چاہتے ہیں۔ پاکستان ایک رضاکارانہ وفاق ہے جس میں پشتون، بلوچ، سندھی اور پنجابی سب برابر کے حصہ دار اور بھائی ہیں۔ جس طرح پنجاب پنجابیوں کا ہے، اسی طرح تیراہ اور باڑہ کے وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے۔ وزیرستان پر وزیرستان کے عوام اور بلوچستان پر بلوچوں کا حق ہے۔ ہم نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ لوگوں کو انصاف ملے اور ان کے مسائل حل ہوں۔ ہم نے بھی کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی۔ اگر کسی نے بھی کوئی غلط کام کیا ہے تو اسے اس کی سزا ملے گی۔ ہم کبھی کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کریں گے۔ ہمیں خیبر پختونخوا کی حکومت پر فخر ہے اور ہم ہمیشہ عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔

بقیہ 12 — سہیل آفریدی

سے مقرر کر دیں۔ عدالت عالیہ پشاور میں سہیل آفریدی اور بابر سلیم سواتی کی بازیابی کی درخواستوں پر سماعت 20 اکتوبر کو ہوگی۔ سیشن کورٹ اسلام آباد میں آڈیو لیک کیس کی سماعت کے دوران علی امین کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ خیبر پختونخوا کے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور پہلے ہی گرفتار ہیں، دوبارہ وارنٹ گرفتاری جاری کرنا کوئی فائدہ نہیں۔ اس موقع پر علی امین گنڈاپور کی عدم دستیابی کے باعث گواہان کے بیانات ریکارڈ نہ ہو سکے، مزید سماعت 27 نومبر تک ملتوی کر دی گئی۔ ان کے خلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 13 — ایران

پاسداران انقلاب کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اس نوعیت کا یہ دوسرا واقعہ ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ سپر آئل ٹینکر نے اپنے ٹریکنگ سسٹم بند کر رکھے تھے اور وہ ممنوعہ علاقے سے گزرنے کی کوشش کر رہا تھا، اسے امریکی فوج نے گمراہ کر کے اس راستے سے گزرنے پر آمادہ کیا تھا۔ پاسداران انقلاب کی بحریہ نے واضح کیا ہے کہ آبنائے ہرمز بند ہے، ایران کے مقرر کردہ ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے یہاں سے گزرنے کی کوشش کرنے والے جہازوں کو سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 14 — فضل الرحمان

بھائی کے انتقال پر تعزیت کرنے کے لیے لاہور میں موجود تھے۔ اس موقع پر صحافیوں سے بات چیت کے دوران ان سے سوال کیا گیا ہے فیصل واوڈا کے بیان کے بعد آپ کیا سمجھتے ہیں کہ پنجاب یا سندھ میں بھی گورنر راج لگے گا؟ اس پر مولانا نے واضح کیا کہ مسئلہ بنیادی یہ نہیں ہے کہ وہاں بھی لگے گی، وہاں بھی لگے گی تو ہم وہاں بھی اختلاف رائے کریں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بنیادی بات یہ ہے کہ سپریم کون ہے؟ کیا پارلیمنٹ سپریم ہے؟ تو پھر فیصلے پارلیمنٹ کرے نہ کہ کہیں اور فیصلے کر کے انہیں پارلیمنٹ پر مسلط کیا جائے۔ خود پر دہشت گردوں کے حامی ہونے کے الزامات کے سوال کے جواب پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وہ خود دہشت گردی کا نشانہ بن چکے ہیں اور انہوں نے کبھی دہشت گردی کی حمایت نہیں کی۔ مولانا فضل الرحمان نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے ماحول میں جے یو آئی کے ڈھائی سو علما اور کارکن شہید ہوئے ہیں۔ اس طرح کے بیان دینا کسی پارٹی کی ملک اور عوام کے لیے قربانیوں کا مذاق اڑانا ہے، کیا ریاست کو یہ حق حاصل ہے یا اسے یہ بات جچتی ہے کہ وہ ملک کے وفادار لوگوں کی قربانیوں کا مذاق اڑائیں؟ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم قربانیوں کا مذاق نہیں اڑا رہے ہیں، ہم ان کی پالیسیوں پر بات کر رہے ہیں، ایک پارٹی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ حکومت کے کسی فیصلے پر اصلاح کی نیت سے تنقید کرے کہ یہ غلطی کیوں ہو رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ان کو ایسی گفتگو نہیں چاہیے تو ہمیں بھی کوئی شوق نہیں ہے کہ ہم ایسی گفتگو کریں جس سے ملک میں ایسی بحث چھڑ جائے اور اپنے ہی اداروں اور جوانوں کی قربانیوں کو متنازع بنانے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی تنقید ریاستی اداروں پر نہیں بلکہ ان پالیسیوں پر ہوتی ہے جن کے بارے میں وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ملک کے مفاد میں نہیں ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے نے سوال اٹھایا کہ جب حکومت عوام سے دہشت گردی کے خلاف ساتھ دینے اور اس جنگ میں شریک ہونے کا مطالبہ کرتی ہے تو کیا اسے عوام کو صورت حال سے آگاہ نہیں کرنا چاہیے؟، اگر دہشت گردی کے خلاف حکمت عملی بنانی ہے تو پارلیمان کا ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے، تمام متعلقہ فریقوں اور صوبوں کو اعتماد میں لیا جائے اور مشترکہ تجاویز کی بنیاد پر پالیسی مرتب کی جائے۔ مولانا فضل الرحمان نے پاکستان تحریک انصاف اور حکومت کے درمیان مذاکرات میں اپنے کردار کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ دونوں فریقوں کی درخواست پر انہوں نے ثالثی کی کوشش کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے وفد کے بعد حکومت کے نمائندے بھی ان کے پاس آئے اور ان سے معاملات میں مداخلت کی درخواست کی۔ بعد ازاں وزیراعظم شہباز شریف نے بھی انہیں مذاکرات کے لیے مدعو کیا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ انہوں نے دونوں جانب کے مطالبات سنے اور مسئلے کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی، مذاکرات کے دوران دونوں فریق اس بات پر متفق تھے کہ ان کے درمیان معاملات طے پا گئے تھے، تاہم اختلاف اس بات پر تھا کہ معاہدے سے پیچھے کون ہٹا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان معاملات طے کرانے کے لیے اب ان کے ثالثی کردار کو تسلیم کرنا ہوگا اور فیصلے صرف کسی ایک فریق کی خواہش کے مطابق نہیں کیے جا سکتے۔

بقیہ 15 — ترقیاتی کونسلز

جرگے منعقد کیے گئے۔ جرگوں کے ذریعے نامزد کونسل ارکان کے ناموں کی پروسیسنگ ایڈیشنل چیف سیکریٹری/ایڈمنسٹریٹر، علاقہ ترقیاتی سیکرٹریٹ نے کی، ایڈیشنل چیف سیکریٹری، علاقہ ترقیاتی سیکرٹریٹ نے مشاورت کے بعد نامزد ارکان کے نام چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا کو ارسال کیے۔ چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا نے ناموں پر مزید کارروائی کے بعد فہرست گورنر خیبر پختونخوا کو بھجوا دی، گورنر خیبر پختونخوا نے نامزد کونسل ارکان کے نام وفاقی حکومت کو ارسال کر دیے۔ علاقائی نمائندہ و ترقیاتی کونسل کے چیئرمین شوکت اللہ خان ہیں جن کا تعلق ضلع باجوڑ سے ہے جو ترکانی قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ضلع شمالی وزیرستان سے وزیر قبیلے کے ملک خان مرجان، علاقائی نمائندہ و ترقیاتی کونسل کے وائس چیئرمین مقرر کر دیے گئے ہیں۔ ضلع باجوڑ کے 4 نمائندگان میں ترکانی قبیلے سے تعلق رکھنے والے شوکت اللہ خان، شہاب الدین خان، ملک سلطان زیب اور حاجی لالی شاہ ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ ضلع مہمند کے 3 نمائندگان میں خادی خیل خوزئی قبیلے کے ملک فیاض خان، بازئی قبیلے کے ملک نادر منان اور اتمان خیل قبیلے کے ملک صاحب خان امبر شامل ہیں۔ ضلع خیبر کے 5 نمائندگان، ملک عبدالرزاق، ملک عزت اللہ، ملک صلاح الدین، ملک ظاہر شاہ اور شیر ین خان خدمات سرانجام دیں گے جن کا تعلق آفریدی قبیلے سے ہے۔ ضلع کرم میں 5 نمائندگان، بنگش قبیلے کے منیر حسین بنگش، علی شیر زئی قبیلے کے ملک عبدالولی خان اور طوری قبیلے سے تعلق رکھنے والے ملک زمین حسین، سید ولی سید میاں، احسان اللہ احسان ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ ضلع اورکزئی کے 3 نمائندگان میں علی خیل قبیلے کے لال جان شاہ، سید قبیلے کے سید فخر عباس اور مشتی قبیلے کے فیض اللہ کے نام شامل ہیں۔ ضلع شمالی وزیرستان کے 5 ممبران میں وزیر قبیلے کے ملک خان مرجان، ملک نصر اللہ اور ملک حاجی شیر محمد جبکہ داوڑ قبیلے کے مفتی مصباح اللہ خان اور داوڑ/ در پاخیل قبیلے کے ملک حبیب خان خدمات سرانجام دیں گے۔ ضلع جنوبی وزیرستان (اپر) کے 4 نمائندوں میں قریشی محسود قبیلے کے صالح شاہ، برکی قبیلے کے ملک عرفان الدین احمد برکی، محسود قبیلے کے ملک محمد رومان محسود اور ملک رحمتال خان خدمات سرانجام دیں گے۔ ضلع جنوبی وزیرستان (لوئر) کے 4 ممبران میں وزیر قبیلے کے ملک علاؤ الدین وزیر، ملک جمیل توجی خیل، ملک معین الدین وزیر اور سلیمان خیل قبیلے کے ملک سردار عباس شامل ہیں۔ ضلع بنوں کے 4 نمائندوں میں بنوچی قبیلے کے باز محمد خان اور مولانا عبدالغفار قریشی اور وزیر قبیلے کے ملک شیریں اور ملک احسان خان ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے 4 نمائندگان میں قصوریہ قبیلے کے عبدالحلیم، گنڈاپور قبیلے کے سردار آغاز خان، شیرانی قبیلے کے سردار عباد خان اور میاں خیل قبیلے کے قیصر خان ایڈووکیٹ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ ضلع ٹانک کے 3 نمائندوں میں کانی خیل قبیلے کے نوابزادہ عبدالوہاب، محسود قبیلے کے عبداللہ ننگیال اور کنڈی قبیلے کے عرفان اللہ کنڈی کے نام شامل ہیں۔ ضلع لکی مروت کے 4 نمائندوں میں بنائی قبیلے کے مولانا عمر اشرفی جبکہ مروت قبیلے کے ملک اور یس خان، نجیب اللہ خان اور رحمت اللہ عرف متی کے نام شامل ہیں۔

بقیہ 16 — پولیس اہلکار اغواء

سی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں بتایا جاتا ہے کہ اغواء ہونے والے اہلکاروں کا تعلق رخشان ڈویژن کے علاقوں خاران، نوکنڈی، چاغی اور واشک سے ہے جو لیویز سے پولیس میں انضمام کے بعد قلات ریکروٹمنٹ ٹریننگ سینٹر میں کورس کر رہے تھے یاد رہے کہ 2 روز قبل رخشان ڈویژن کے کمشنر اسد اللہ کاکڑ کو ڈرائیور اور گاڑی سمیت اغواء کیا گیا تھا جو تاحال بازیاب نہیں ہو سکا۔

بقیہ 17 — راحیلہ حمید درانی

سے مجھ سمیت بلوچستان کی ماں بیٹیوں بہنوں کے حوصلے بلند ہوئے دختر پاکستان ایوارڈ میرے لئے کسی انمول نعمت سے کم نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے سابق سیکرٹری اطلاعات و مرکزی رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ فرید افغان لیبر ونگ بلوچستان کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بلیدی بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ایڈووکیٹ فرید افغان و منیر احمد مسوری بلیدی نے راحیلہ درانی کو دختر پاکستان ایوارڈ ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوارڈ ان کی عوامی خدمات سیاسی جدوجہد اور خواتین کی ترقی تعلیمی معیار کی بلندی سمیت عوام دوست اقدامات بلوچستان کے مسائل کو اجاگر کرنے کا اعتراف ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کا کہنا تھا کہ دختر پاکستان ایوارڈ میری زندگی کا قیمتی سرمایہ ہے

بقیہ 18 — ایوان صنعت وتجارت

تجارت حکومت پاکستان نے 16 اکتوبر 2026 کو آفس میمورنڈم نمبر 9(3)/2017-IRAN کے تحت ایران سے درآمدات کیلئے EIF Waiver میں توسیع سے متعلق 3 اکتوبر 2026 کا حکم نامہ فوری طور پر واپس لے لیا ہے۔ ایوان کے مطابق اس پیش رفت کے تناظر میں ایران کے ساتھ تجارتی سرگرمیاں انجام دینے والے تاجروں کیلئے ضروری ہے کہ وہ نئی خریداری، مال کی بکنگ اور درآمدی معاملات میں کسی بھی قسم کی پیش رفت سے قبل متعلقہ حکام سے موجودہ قانونی صورت حال کی تصدیق کریں حکم نامے کی واپسی کے بعد EIF Waiver کی موجودہ حیثیت واضح ہونے تک درآمدی معاملات میں احتیاط برتنا ناگزیر ہے، کیونکہ اس دوران غیر واضح قانونی صورت حال کے باعث مالی نقصان اور کسٹمز کلیئرنس میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 19 — جمعیت نظریاتی

اپنے ایک مشترکہ تعزیتی بیان میں جے یو آئی نظریاتی کے قائدین نے شہید بچوں کے والدین اور لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جماعت اس غم ناک گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔ رہنماؤں نے ملک کی مجموعی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور حکمرانوں کے غلط و غیر سنجیدہ فیصلوں کے باعث پاکستان کی امن و سلامتی سنگین خطرات سے دوچار ہو چکی ہے۔ ملک کے اہم سیاسی، دفاعی اور پالیسی ساز فیصلے عوام کی منتخب پارلیمنٹ کی بجائے غیر جمہوری اور مقتدر قوتوں کے ہاتھ میں ہیں، جس سے پارلیمنٹ، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی سلب ہو کر رہ گئی ہے اور عوام میں احساس محرومی مسلسل بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 20 — مولانا واسع

اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی بجائے عوام کو امن وسکون فراہم کرنے پر توجہ دیں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے پاکستان میں اقتدار اور ہر سطح پر مناصب کی پیشکشوں کو مسترد کر کے حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کیا ہے مولانا فضل الرحمان نے ہمیشہ ملک کی سلامتی، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی بات کی ہے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور بدامنی کے حوالے سے ان کا موقف زمینی حقائق پر مبنی ہے، جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا حکمران اقتدار میں رہتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کے موقف کی مخالفت کرتے ہیں، لیکن اقتدار سے محرومی کے بعد انہی حقائق کا اعتراف کرنے لگتے ہیں بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کسی سے پوشیدہ نہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے، اس لئے تنقید کا جواب دینے کی بجائے عملی اقدامات کیے جائیں جمعیت علماء اسلام کی سیاسی جدوجہد منفی پروپیگنڈے سے متاثر نہیں ہو سکتی۔ پنجاب سمیت ملک کے مختلف حصوں میں جمعیت علماء اسلام کے کامیاب عوامی اجتماعات کے بعد سوشل میڈیا پر منفی مہم شروع کر دی جاتی ہے، جس میں بعض سیاست دانوں، یوٹیوبرز اور صحافیوں کے ذریعے جماعت اور اس کی قیادت کو نشانہ بنایا جاتا ہے مولانا فضل الرحمان ایسی مہمات سے بے نیاز ہو کر پاکستان کی سلامتی، استحکام، آئینی بالادستی اور عوامی حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 21 — جام کمال

اتحاد کے فروغ کی توقع کی جاتی ہے۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (X) پر جاری بیان میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کے دشمن خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ملکی خودمختاری اور امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی سازشیں کر رہے ہیں۔ ایسے حالات میں قومی اداروں کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیانات اور سیاسی تقسیم کو مزید گہرا کرنے والی گفتگو نہ تو جمہوریت کے مفاد میں ہے اور نہ ہی پاکستان کے قومی مفادات سے مطابقت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں سیاسی اختلافات ایک فطری اور ناگزیر حقیقت ہیں۔ ہر سیاسی رہنما کو حکومتی پالیسیوں پر سوال اٹھانے، تنقید کرنے اور حکومت کو جواب دہ بنانے کا آئینی و جمہوری حق حاصل ہے، تاہم تنقید تعمیری، ذمہ دارانہ اور حقائق پر مبنی ہونی چاہیے۔ سیاسی اختلاف کو قومی اداروں کی تضحیک یا ریاستی معاملات میں غیر ضروری محاذ آرائی کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان آرمی ملک کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور دفاع کی ذمہ دار ایک اہم قومی ریاستی قوت ہے۔ ایسے وقت میں جب ملک دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مصروف ہے اور قوم اپنے قیمتی جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہے، ریاستی اداروں کے خلاف توہین آمیز اور تضحیک آمیز بیانات دینا قومی ذمہ داریوں سے انحراف کے مترادف ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ملک کی سلامتی کے لیے قربانیاں دینے والے اداروں اور اہلکاروں کے کردار کو سیاسی اختلافات کی بھینٹ نہیں چڑھانا چاہیے۔ جام کمال خان نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایوان میں تفصیل کے ساتھ سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے متعلق دہشت گردی کے خلاف تعاون کے معاملے پر حکومتی موقف اور اٹھائے گئے نکات کی وضاحت کی۔ حکومت کی جانب سے بنیادی مطالبہ یہی رہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں مکمل تعاون کریں، سیاسی قیادت آگے بڑھ کر ذمہ داری قبول کرے اور امن وامان کے قیام کے لیے مشترکہ حکمت عملی کے تحت ایک پیج پر ہوں۔ اس جدوجہد کو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی فریضہ سمجھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو بھی آئین کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کا موقع دیا جانا چاہیے، جبکہ اس کی کارکردگی جمہوری عمل اور عوام کے سامنے جواب دہی کے اصولوں کے تابع رہنی چاہیے۔ پاکستان کو اس وقت سیاسی استحکام، ریاستی اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور قومی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ عزم کی ضرورت ہے۔ سیاسی قیادت کو جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ریاست کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، نہ کہ غیر یقینی، انتشار اور تصادم کی فضا کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف پاکستان ایک اہم عالمی سفارتی اور جنگی تنازع کے حل کے لیے ثالثی اور مذاکراتی کوششوں میں کردار ادا کر رہا ہے، جہاں عالمی برادری پاکستان پر اعتماد کا اظہار کر رہی ہے، جبکہ دوسری طرف ملک کے اندر بعض سیاسی حلقوں کی جانب سے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی کوششیں جاری ہیں۔ قومی سطح پر یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اگر پاکستان ان عالمی مذاکراتی کوششوں میں کامیابی حاصل کرتا ہے تو اس کے ثمرات صرف پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا، بالخصوص جنگ اور عدم استحکام سے متاثرہ خطے کے عوام کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کی کامیابی کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کی کامیابی نہیں بلکہ پوری قوم کی کامیابی ہوگی۔ اس لیے ضروری ہے کہ قومی مفادات کو محدود سیاسی فوائد پر ترجیح دی جائے اور ایسی کسی سرگرمی کا حصہ نہ بنا جائے جو ملک کی عالمی ساکھ، داخلی استحکام یا ریاستی اداروں پر عوامی اعتماد کو نقصان پہنچائے۔ انہوں نے سیاسی قیادت پر زور دیا کہ وہ حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرے، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ جدوجہد میں حکومتوں اور اداروں کا ساتھ دے اور سیاسی اختلافات کو قومی یکجہتی کی راہ میں رکاوٹ نہ بننے دے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اپنے بیان کے اختتام پر کہا کہ پاکستان کو کامیاب، مستحکم اور خوشحال ملک بنانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو وسیع تر قومی تناظر میں سوچنا ہوگا۔ معمولی سیاسی فوائد کے لیے بڑے قومی اہداف کو نقصان پہنچانا دانش مندی نہیں۔ ہمیں ان عناصر کے عزائم سے ہوشیار رہنا چاہیے جو پاکستان کو کامیاب اور خوشحال دیکھنا نہیں چاہتے۔ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ قوم متحد رہے، ریاستی اداروں کا احترام کیا جائے اور پاکستان کے قومی مفادات کو ہر قسم کی سیاسی مصلحت پر مقدم رکھا جائے۔

بقیہ 22 — پشتونخوامیپ

چکی ہے اور دور دراز علاقوں میں 100 کلو کی بوری کی تقریباً 18 ہزار میں فروخت ہو رہی ہے۔ یہ صورت حال عام شہریوں، روزانہ کی بنیاد پر محنت مزدوری کرنے والوں خاندانوں، بیواؤں، یتیموں کے لیے انتہائی تشویش ناک ہے اور اسی طرح تندور والوں نے بھی روٹی کے گرام میں کمی کر دی ہے۔ انتظامیہ فوری طور پر عوام کو سہولت دے، قیمتوں میں کمی، آٹے کی دستیابی اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں۔

بقیہ 23 — اسٹیٹ بینک

نے ان میں شرکت کی۔ گورنر نے دوطرفہ اور کثیر جہتی شراکت داروں، اور دیگر مرکزی بینکوں اور عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کے نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں گورنر نے شرکا کو بتایا کہ مسلسل اور محتاط معاشی پالیسیوں اور ساختی اصلاحات کے نتیجے میں پاکستانی معیشت زیادہ مستحکم ہونے کے بعد ملکی اور بیرونی دھچکوں کا بہتر مقابلہ کر سکتی ہے۔ مالی سال 23ء میں بلند سطح پر پہنچنے کے بعد مہنگائی میں نمایاں کمی آئی ہے اور مالی سال 26ء میں یہ بڑی حد تک ہدف میں آ گئی، حالانکہ اس دوران تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کا دھچکا بھی برداشت کرنا پڑا۔ حقیقی جی ڈی پی نمو مالی سال 23ء میں سکڑنے کے بعد بتدریج بہتر ہو کر مالی سال 26ء میں 3.7 فیصد تک پہنچ گئی اور مالی سال 27ء میں یہ 3.5 سے 4.5 فیصد کی رینج میں رہنے کی توقع ہے۔ اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ بفرز بھی خاصے مستحکم ہوئے ہیں۔

بقیہ 24 — عبدالصمد گورگیج

پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ جمہوریت کے استحکام عوامی حقوق کے تحفظ اور معاشرتی ترقی کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ پارٹی قیادت کے وژن کے مطابق صوبے میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے اور عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مختلف شعبوں میں اقدامات کیے جا رہے ہیں میر عبدالصمد گورگیج نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے۔

بقیہ 25 — نعیم خان

مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہماری جماعت میں شامل ہو رہے ہیں۔ جنہیں خوش آمدید کہتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کچلاک کے علاقے کلی لنڈی سرگر محلہ سے تعلق رکھنے والے جمعیت علماء اسلام کے یمین خان کی دیگر ساتھیوں کے ہمراہ مستعفی ہو کر عوامی نیشنل پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملک نعیم خان بازئی نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی روز اول سے ہی باچا خان کے عدم تشدد کے فلسفے پر عمل پیرا ہو کر لوگوں کو تشدد سے دور رکھنے کی کوشش کر رہی ہے پارٹی نے ہمیشہ اپنی مثبت پالیسیوں اور قیادت کی جانب سے دیئے گئے وژن کے مطابق اقدامات اٹھائے ہیں اور لوگ پارٹی کی پالیسیوں پر اعتماد کرتے ہوئے جماعت میں شامل ہو رہے ہیں

بقیہ 26 — روزی کاکڑ

جمہوریت پر جانیں نچھاور کر دیں۔ سانحہ کارساز کی برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ شہدا سانحہ کارساز ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، جیالوں کی قربانیوں کا ثمر ہے کہ جمہوریت کے تذکرے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر جمہوری سوچ جمہوری کارواں پر حملہ آور ہوئی وطن میں جمہور اور جمہوریت کی خاطر قائد عوام شہید جمہوریت اور شمع جمہوریت کے پروانوں نے قربانیوں کی تاریخ رقم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے زخم آج بھی تازہ ہیں، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے سانحے سے ڈرنے کی بجائے انتخابی مہم کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 27 — ہندو لڑکی نکاح

بندیا کماری گزشتہ روز اپنے گھر کے قریب پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئی جس پر اسکے والد سنجے کمار نے پولیس تھانہ سی سی میں اسکے اغواء ہونے کی تحریری درخواست دی جس میں انہوں نے موقف اختیار کیا کہ انکی بچی کو یاسر ذوگی جو کہ بخشاپور سندھ کا رہائشی ہے اپنے دیگر دو دوستوں کی مدد سے اغواء کر کے لے گیا ہے جس پر پولیس نے ایف آئی آر نمبر سی/10/15/1004/2026 کے تحت زیر دفعہ 364A ت پ اور 34 ت پ برخلاف یاسر ذوگی ودیگر دو نامعلوم اسم درج کر کے گرفتاری کیلئے کوشش تیز کر دی جبکہ بندیا کماری اور یاسر ذوگی سندھ کے علاقے ڈھیرکی پہنچ کر میاں مٹھو کی درہار میں بندیا کماری نے اسلام قبول کر کے اپنا اسلامی نام یاسمین رکھ لیا اور بخشاپور کے رہائشی نوجوان دسویں کلاس کے طالب علم یاسر ذوگی سے شادی کر دی

بقیہ 28 — فیصل جمالی

فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ان کے خلاف ایک لفظ بھی برداشت نہیں کیا جائے گا سیاسی دکان چمکانے کے لیے فورسز پر تنقید ناقابل برداشت عمل ہے سیاست دانوں کو اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنی ہوگی ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہو سکتا ہے اشتعال انگیزی کی سیاست ملک اور عوام کے ہرگز مفاد میں نہیں ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے چند جماعتیں اقتدار حاصل کرنے کے لیے اشتعال انگیزی کو ترجیح دے رہے ہیں

بقیہ 29 — ڈرون حملے

نوجوان شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ ادھر خان یونس کے جنوب میں واقع علاقوں میں اسرائیلی فوجی گاڑیوں نے بھی شدید گولہ باری کی، جب کہ مشرقی غزہ شہر میں توپ خانے سے گولہ باری کی اطلاع ملی۔ تازہ ترین حملے غزہ کی پٹی میں 10 اکتوبر 2025 سے جاری جنگ بندی معاہدے کی اسرائیلی خلاف ورزیوں کے درمیان ہوئے ہیں۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق، معاہدے کے نافذ ہونے کے بعد سے اسرائیلی جنگ بندی کی خلاف ورزیوں میں 1,493 فلسطینی ہلاک اور 5,299 دیگر زخمی ہو چکے ہیں۔

بقیہ 30 — ٹانگ کاٹ دی

نعمان شہید ہو گیا۔ جنید احمد کی شدید زخمی ہونے کے بعد کی صورتحال اور مبینہ طور پر اعلیٰ پولیس حکام کی جانب سے عیادت نہ کیے جانے پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ دستیاب اطلاعات کے مطابق جنید احمد شدید زخمی ہونے کے باعث ایک ٹانگ سے محروم ہو چکے ہیں

بقیہ 31 — رام چند ایڈووکیٹ

متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ لڑکی کے مقام کا سراغ لگائیں، اس کی حفاظت یقینی بنائیں اور اغوا، غیر قانونی حراست، دھمکیوں یا کسی بھی قسم کے جبر و دباؤ کے الزامات کی تحقیقات کریں۔ چوہدری رام چند ایڈووکیٹ نے کہا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکلز 9، 14، 20 اور 25 زندگی، آزادی، انسانی وقار، مذہبی آزادی اور مساوات کے بنیادی حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔

بقیہ 32 — مولانا ہدایت الرحمان

با آسانی دستیابی تشویش ناک ہے۔ حکومتی غفلت اور متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کے باعث منشیات تعلیمی اداروں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات تک پہنچ چکی ہے، لیکن اس کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات نظر نہیں آتے اگر پولیو کے خلاف چلائی جانے والی مہم کی طرز پر منشیات کے خلاف بھی بھرپور قومی مہم شروع کی جاتی تو آج منشیات فروش اس قدر آزاد نہ ہوتے اور ہمارے خوبصورت نوجوانوں کی بڑی تعداد اس لعنت میں مبتلا نہ ہوتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی کے ہمراہ کوئٹہ میں قائم ری ہیب سینٹر کے دورے کے موقع پر کیا اس موقع پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر بلوچستان عصمت اللہ قریشی بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران انہوں نے ری ہیب سینٹر میں جاری سرگرمیوں، منشیات سے متاثرہ افراد کے علاج اور بحالی کے عمل کا جائزہ لیا اور متاثرہ افراد کی بحالی کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ منشیات محض ایک فرد کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرنے والی تباہ کن لعنت ہے۔ اس کے باعث نوجوانوں کی صلاحیتیں ضائع، خاندان پریشان اور معاشرتی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ نوجوان ہمارا قیمتی سرمایہ اور ملک و قوم کا مستقبل ہیں، انہیں منشیات کے اندھیروں سے نکال کر تعلیم، ہنر، کاروبار اور مثبت سرگرمیوں کی طرف لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 33 — لوٹ مار

ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی جبکہ واقعہ کے خلاف احتجاجاً روڈ بلاک کر کے کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی۔

بقیہ 34 — فائرنگ

نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں اہلکاران شہید ہو گئے واقعے کے بعد شہید پولیس اہلکاروں کے ورثاء نے پٹ فیڈر کینال لنک مین کوئٹہ روڈ پر شہداء کی لاشیں رکھ کر احتجاجی مظاہرہ کیا جس کے باعث قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمد و رفت متاثر ہوئی اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔

بقیہ 35 — ڈی ایس ریلوے

گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما، سابق سیکرٹری اطلاعات فرید افغان ایڈووکیٹ کی قیادت میں ملنے والے وفد سابق ناظم جاوید احمد خان، ڈاکٹر سنگولی، رانا ظفر، شاہد تاروئی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فرید افغان ایڈووکیٹ اور وفد نے ڈی ایس ریلوے کو ریلوے کالونی کے رہائشیوں اور ریلوے ملازمین کو درپیش سنگین مسائل سے کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، صحت و صفائی کی ابتر صورتحال، کالونی میں بدانتظامی، سیکیورٹی و بدامنی کے خدشات اور دیگر انتظامی مسائل بتائے۔

بقیہ 36 — کہدہ بابر بلوچ

ہے کہ قومی سلامتی اور پاکستان کی خودمختاری جیسے حساس معاملات کو سیاسی مفادات کے لیے استعمال کرنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (X) پر انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی قومی اداروں کے خلاف مولانا فضل الرحمان کے توہین آمیز ریمارکس کی سخت مذمت کرتی ہے۔ ان کے مطابق سیاسی تنہائی کے تاثر کے باوجود قومی سلامتی اور ملکی خودمختاری کو سیاسی مقاصد کے حصول کا ذریعہ بنانا ایک نامناسب طرز عمل ہے، جس کی کسی صورت حمایت نہیں کی جا سکتی۔ کہدہ بابر بلوچ نے کہا کہ وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی عظیم قربانیوں کو سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ شہداء کی قربانیوں کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ ان کے مشن سے وفاداری کا عملی مظاہرہ کیا جائے اور ملک کے امن، استحکام اور سلامتی کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر کردار ادا کیا جائے۔

بقیہ 37 — ایف سی

ادویات فراہم کی گئیں، جبکہ بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کی صحت پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے مقامی آبادی کو صحت سے متعلق ضروری آگاہی بھی فراہم کی گئی۔

بقیہ 38 — یار محمد رند

اور شہداء کے لواحقین ہمارا قیمتی سرمایہ ہے اقوام رند کی فلاح و بہبود مسئلہ مسائل و مشکلات کے حل کے لئے جدوجہد کرنا میری ذمے داری ہے چار نومبر کو اشہداء رندستان کی برسی انتہائی عقیدت احترام سے متاثر شہداء کو خراج تحسین پیش کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام رند کے عمائدین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا چیف آف رند سردار یار محمد رند کا کہنا تھا کہ معصوم پھولوں جیسے اقوام رند کے شہداء نے اپنی قیمتی جانوں کی قربانی دیکر جام شہادت نوش کی انہوں نے اپنے لہو کے چراغ روشن کر کے اقوام رند کے سروں کو بلند کیا شہداء نے اقوام رند کی ننگ و ناموس کے لئے جو قربانیاں دی ان کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا چار نومبر کو شوران میں شہداء رند کی برسی کو نہایت عقیدت و احترام سے منا کر خراج تحسین پیش کریں گے

بقیہ 39 — شرجیل میمن

صورت حال پر اپنے بیان میں سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے دہشت گردوں کے لیے نرم گوشہ رکھا، پی ٹی آئی حکومت گناہ گار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ معصوم لوگوں کا خون بہتا رہا اور جوان شہید ہوتے رہے۔

بقیہ 40 — سید مراد علی شاہ

پانی اور ماحولیاتی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعاون اور سرمایہ کاری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے شنگھائی الیکٹرک کو صوبے میں تعاون کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے لیے موزوں منصوبوں کی نشاندہی کرنے کی دعوت دی۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ میں شمسی اور ہوائی توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ سندھ حکومت صاف توانائی کے منصوبوں میں چینی مہارت اور سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرے گی۔

بقیہ 41 — مولانا محمود الحسن

ہے۔ گذشتہ کئی دہائیوں سے اس نام نہاد جمہوریت نے غریب عوام کو سوائے جھوٹے نعروں اور محرومیوں کے کچھ نہیں دیا۔ یہ رائج نظام دراصل صرف سرمائے، جاگیرداروں اور وڈیروں کے مفادات کا تحفظ کرتا چلا آ رہا ہے۔ عوام کے بنیادی حقوق سلب کر کے ملک میں چند خاندانوں کی اجارہ داری کو مضبوط کیا گیا ہے۔

بقیہ 42 — سلیم کھوسہ

حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کا اصل مقصد عوام کو سہولیات فراہم کرنا، پسماندہ علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنا اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنا ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 43 — آگ قابو

فائر فائٹرز نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا اور ارد گرد کی کمرشل آبادی کو بڑے نقصان سے بچا لیا۔ انہوں نے بتایا کہ سرکی روڈ پر ایک پرچون کی دکان میں بھی شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگنے کی اطلاع پر فائر بریگیڈ کے عملے نے فوری کارروائی کی اور آگ کو قریبی دکانوں تک پھیلنے سے روک دیا۔

بقیہ 44 — مولانا عبدالرحمان

حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ فارم 47 کے حکمران ہوش کے ناخن لیں چند روزہ جعلی اقتدار کے نشے میں سفید ریش اور باعزت سیاسی رہنماؤں کو حکومتی اہلکاروں کے ذریعے ڈرانا دھمکانا گرفتار کرنا اور تشدد کا نشانہ بنانا طاقت کا بدترین ناجائز استعمال ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

بقیہ 45 — بنگلہ دیشی ثقافتی وفد

گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی روابط دونوں ممالک کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ مفادات، عوامی رابطوں اور ثقافتی تعاون کی بنیاد پر آگے بڑھانے کی گنجائش موجود ہے۔

بقیہ 46 — نیشنل پارٹی

کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سال گزرنے کے باوجود ان کے قاتلوں کا بے نقاب نہ ہونا ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انصاف کے منتظر خاندان کیلئے یہ صورت حال اذیت ناک ہے اور غمزدہ خاندان کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شہید ولید صالح بلوچ کا قصور صرف یہ تھا کہ ان کا تعلق ایک پرامن سیاسی خاندان سے تھا۔ ان کا نہ تو سیاست میں کوئی فعال کردار تھا اور نہ ہی وہ کسی کاروباری لین دین سے وابستہ تھے، اس کے باوجود انہیں ایک ایسے جرم کی سزا دی گئی جو انہوں نے کیا ہی نہیں تھا۔

بقیہ 47 — قاری مہراللہ

مولانا مفتی عبدالرحمن، مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی صوبائی سالار حاجی شیرجان کاکڑ نے دن دیہاڑے مشرقی بائی پاس میں تاجر سید کروڑ ستر لاکھ روپے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے عوام کو ڈاکوؤں اور چوروں کی رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔ دن دیہاڑے شہر کے وسط میں ڈاکو دن دہاڑے شہریوں سے نقدی چھین کر با آسانی فرار ہو جاتے ہیں۔

بقیہ 48 — لاش

کی انتہائی گہرائی کے باعث مقامی ٹیمیں بچے تک رسائی حاصل نہ کر سکیں نال کے مقامی ذرائع کے مطابق بورنگ کی گہرائی تقریباً 480 فٹ تھی، جس کے باعث خصوصی ریسکیو ٹیم طلب کی گئی۔ ریسکیو ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آپریشن مکمل کیا اور بچے کی لاش بورنگ سے باہر نکال لی۔

بقیہ 49 — بچے کمار بلوانی

پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کے حوالے سے قانون سازی ہو چکی ہے لہٰذا اس معاملے میں متعلقہ قانون کا اطلاق اور شادی کی قانونی حیثیت کا تعین قانون کے مطابق کیا جانا چاہیے۔ سندھ میں بھی کم عمری کی شادی کے خلاف قانون موجود ہے۔ مستونگ میں پیش آنے والا ایسا ہی واقعہ بھی انتہائی تشویشناک ہے اور ان واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جانا ضروری ہے

بقیہ 50 — بخت محمد کاکڑ

اور علاج معالجے کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ ہے، اس لیے اس شعبے میں بہتری لانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری، جدید طبی آلات کی فراہمی، ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کارکردگی میں بہتری اور مریضوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے عوام کو علاج معالجے کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ بنیادی مراکز صحت، ضلعی ہسپتالوں اور بڑے طبی اداروں کو فعال بنانے کے ساتھ ساتھ ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری اور کارکردگی کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے، تاکہ مریضوں کو بروقت علاج مل سکے۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ حکومت سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ایمرجنسی سروسز کی بہتری، جدید تشخیصی سہولیات اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام پر توجہ دے رہی ہے۔

بقیہ 51 — بی اے پی

پارٹی کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ سیکیورٹی اداروں اور شہدا کی قربانیوں پر سیاست کرنے کے بجائے ان کے مشن سے وفاداری کا اظہار کرنا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ بی اے پی کے ترجمان نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اقتدار کے حصول کے لیے کسی شارٹ کٹ یا غیر آئینی راستے کی تلاش کے بجائے جمہوری عمل کا احترام کریں اور اگلے انتخابات کا انتظار کریں۔

صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان سے ملاقات کررہی ہیں

کے پی کے 12 اضلاع میں علاقائی نمائندہ و ترقیاتی کونسلز کے قیام کی منظوری

جرگوں میں باہمی مشاورت سے نامزد کونسل ارکان کے ناموں کی جانچ پڑتال اور پراسیسنگ اے سی ایس وایڈمنسٹریٹر نے کی

نامزد ارکان کی فہرست چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو ارسال، وفاقی حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں علاقائی نمائندہ و ترقیاتی کونسل کی منظوری دے دی ہے جس کے بعد ترقیاتی کونسل کے 48 نمائندگان کے ناموں کی حتمی فہرست کا اعلان کر دیا گیا ہے اور وفاقی حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں علاقائی نمائندہ و ترقیاتی کونسل کے 48 نمائندگان کے انتخاب کا عمل جرگوں کی باہمی مشاورت سے کیا گیا، تمام 12 اضلاع میں باوقار اور مقامی آبادی کے پسندیدہ کونسل ارکان کی نامزدگی کے لیے ڈپٹی کمشنر کے تعاون سے .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سیکورٹی فورسز کی کارروائی، لسبیلہ پولیس کی چھینی گئی گاڑی و اسلحہ برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کے عملے نے لسبیلہ پولیس کی چھینی گئی گاڑی اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز لسبیلہ بائی پاس پر پرانی پل کے قریب سے نامعلوم دہشت گرد پولیس کی گاڑی اور اسلحہ چھین کر فرار ہوگئے تھے سیکورٹی فورسز نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر ملزمان کا تعاقب کیا اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزمان گاڑی اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے پولیس نے مذکورہ گاڑی 2 ایس ایم جی، 2 موٹر سائیکلیں برآمد کرکے قبضے میں لے لیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی طیارے کے حادثے میں انسانی جانیں بچانے والے نوجوان حکمت اللہ سے بات چیت کررہے ہیں

30 سال بعد بنگلہ دیشی ثقافتی وفد کی پاکستان آمد

دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی وفود کے تبادلوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے محمد عبدالقادر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے فاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے 30 سال بعد بنگلہ دیش کے 15 رکنی ثقافتی وفد کی پاکستان آمد پاک بنگلہ تعلقات کی وسعت کی عکاسی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی وفود کے تبادلوں کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ پاک بنگلہ باہمی روابط کی بحالی سے دونوں ممالک کے درمیان قربتیں بڑھیں .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے مشن پر کاربند ہے، میر عبدالصمد گورگیج

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالصمد گورگیج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اپنے منشور اور عوامی خدمت کے مشن کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر گامزن ہے صوبائی حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پسماندہ علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل ہے انہوں نے کہا کہ .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد: مسلح افراد کی فائرنگ، 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے

دونوں اہلکار ڈیوٹی پر تھے، ورثاء کا لاشوں کے ہمراہ قومی شاہراہ پر احتجاج

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے پولیس صدر تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی حدود بیدار کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی گشت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے جن کی شناخت ہیڈ کانسٹیبل احمد لاشاری اور کانسٹیبل عبدالمالک مگسی کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں اہلکار ڈیوٹی پر موجود تھے کہ اس دوران .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بندیا کماری کو فوری بازیاب کرایا جائے، رام چند ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) چوہدری رام چند ایڈووکیٹ، ممبر ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) اور وائس چیئرمین بلوچستان ہندو کونسل نے بلوچستان کے شہر سبی سے تعلق رکھنے والی کم عمر ہندو لڑکی بندیا کماری کی مبینہ جبری مذہبی تبدیلی کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بندیا کماری کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، پولیس اور بچوں کے تحفظ کے .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

فائر بریگیڈ کی فوری کارروائی، دکانوں میں لگی آگ پر قابو پالیا

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شاہ وکشاہ روڈ اور سرکی روڈ پر دکانوں میں آتشزدگی کے واقعات پر میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ کے عملے نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا اور قریبی کمرشل دکانوں کو بڑے نقصان سے محفوظ بنالیا۔ ڈائریکٹر فائر سروسز عبدالحق خان اچکزئی کے مطابق شاہ وکشاہ روڈ پر ایک دکان میں آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ کی گاڑیاں اور عملے کو فوری طور پر جائے وقوعہ پر روانہ کیا گیا، جہاں .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

نال، زلزلے کے شدید جھٹکے، پتھر لگنے سے مائن مزدور جاں بحق

ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی

نال (آن لائن) نال میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ بیسار اناری میں پتھر کی مائن پر کام کے دوران زلزلے کے جھٹکوں کے باعث پتھر لگنے سے مائن مزدور عبدالرحیم ولد قمرالدین قوم ریسانی، ساکن وڈھ لاہندو، جاں بحق ہوگیا۔ واقعے کے بعد لاش کو ضروری کارروائی کے لیے نال ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

کوئٹہ: نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے نیشنل پارٹی کے رہنما میر عبدالرحیم کرد ملاقات کررہے ہیں

شہید ولید صالح کو ناکردہ جرم کی سزا دی گئی، رحمت صالح بلوچ

ایک نوجوان کو نئی زندگی شروع کرنے سے 10 روز قبل شہید کرنا عظیم سانحہ ہے

ایک سال گزرنے کے باوجود شہید کے قاتلوں کی شناخت نہیں ہو سکی، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے شہید ولید صالح بلوچ کو خراج عقیدت پیش .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ، مسلح افراد نے 20 تربیتی پولیس اہلکاروں کو اغوا کرلیا

قلات ریکروٹمنٹ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت 20 اہلکار ہفتہ وار چھٹی پر وین میں گھروں کو جارہے تھے، فورسز کا سرچ آپریشن شروع

واقعہ گرگینہ کے مقام پر پیش آیا، مغوی اہلکاروں کا تعلق خاران، نوشکی، دالبندین اور واشک سے ہے، لیویز پولیس موقع پر پہنچ گئی

کوئٹہ: آفاق کے زیر اہتمام مختلف سکولوں کے طلباء و طالبات کے ذہنی مقابلوں کے موقع پر مسلم لیگ کے رہنما خطاب کررہے ہیں

قومی مفادات اور سیاسی استحکام کو ہر سیاسی مصلحت پر ترجیح دی جائے، جام کمال

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاقی و صوبائی حکومتوں کو ایک پیج پر ہونا اور سیاسی قیادت کو قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ کی جانب سے ریاستی اداروں اور حکومت کے خلاف دیے گئے بیانات پر گہری تشویش ہے

ریلوے کالونی کے مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں گے، ڈی ایس کوئٹہ

صاف پانی کی فراہمی، صفائی اور سیکورٹی معاملات کو بہتر بنایا جائے، جہانزیب اچکزئی

بی اے پی کی جمعیت کے سربراہ کے ریمارکس کی مذمت

پاکستان کی قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، سابق سینیٹر کہدہ بابر

علاقے کی ترقی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، ملک نعیم خان

عوامی نیشنل پارٹی پاچا خان کے فلسفے پر عمل پیرا ہے

عوام کا جوق در جوق اے این پی میں شامل ہونا بڑی کامیابی ہے، بیان

ملک کی سلامتی اور امن کی قیمت پر کوئی بات قابل قبول نہیں

حکومت ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی بجائے عوام کو امن فراہم کرے، مولانا عبدالواسع

مولانا فضل الرحمان نے پاکستان میں امن کے قیام اور عہدوں کی پیشکش کو مسترد کر کے اپنی جمہوریت پسندی کا ثبوت دیا، صوبائی امیر جمعیت

بعض سیاستدانوں، یوٹیوبرز اور صحافیوں کے ذریعے جماعت اور اس کی قیادت کو نشانہ بنایا جارہا ہے، سینیٹر

سانحہ کارساز کے زخم آج بھی تازہ ہیں، روزی خان کاکڑ

پیپلز پارٹی شہداء، مجروم و محکوم طبقات کی نمائندہ جماعت ہے

عوام کی جان و مال ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہے، قاری مہراللہ

حکومت مجرموں کے جرم پر تماشائی بن چکی ہے، مولانا سراج الدین

دالبندین، 3 موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 4 افراد زخمی

نال، بورمیں گرنے والے بچے کی لاش نکال لی گئی

ریسکیو آپریشن ڈی سی خضدار کی ہدایت پر کیا گیا

سعودی شہزادی الجوہرہ بنت فہد بن مشاری آل سعود انتقال کرگئیں

ہندو لڑکی مشرف بااسلام، مسلمان لڑکے سے نکاح کرلیا

لڑکی کے اغواء ہونے کا مقدمہ بی سی پولیس تھانے میں درج

جاتی کا قائم مقام ایس ایچ او گل شاہ بحفاظت بازیاب

کوئٹہ، نامعلوم مسلح افراد کی واردات، نقدی و قیمتی سامان چوری

ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے لگائے گئے فری میڈیکل کیمپس میں لوگ اپنی باری کا انتظار کررہے ہیں

ایف سی (نارتھ) کی کاوشیں، ماہ ستمبر کے دوران 63 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد

کیمپس میں 8,150 مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج اور ضروری ادویات فراہم کی گئیں

کوئٹہ (پ ر) ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے ماہ ستمبر 2026ء کے دوران بلوچستان کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں 63 فری میڈیکل کیمپس کا کامیاب انعقاد کیا۔ ان کیمپس کے ذریعے 8,150 مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج کیا گیا اور ضروری .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں آٹے کی قلت پر قابو پایا جائے، پشتونخوا میپ

حکومت فوری طور پر عوام کو سبسڈی دینے، قیمتوں میں کمی، آٹے کی دستیابی و سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کیلئے اقدامات اٹھائے

محکمہ خوراک ذمہ دار، محض اخباری بیانات، فوٹو سیشن پر مبنی اجلاسوں سے عوام کو ریلیف ملنا ممکن نہیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے، غریب عوام کی قوت خرید میں مسلسل کمی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مسلط صوبائی حکومت، محکمہ خوراک اور متعلقہ انتظامیہ عوام کو سستے آٹے کی فراہمی، سرکاری نرخوں پر عملدرآمد میں مکمل طور پر ناکامی جس کے باعث غریب عوام اس وقت نہ صرف غذائی قلت بلکہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 100 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 15 ہزار روپے تک پہنچ .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء رند کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، سردار رند

4 نومبر کو شوران میں شہداء کی برسی عقیدت و احترام سے منائیں گے

اقوام رند کی فلاح و بہبود اور مسائل کا حل اولین ذمہ داری ہے، بات چیت

سبی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سینئر پارلیمنٹرین سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ شہداء رند نے دشمنوں کی ہر سازش کو خاک میں ملا کر اپنے لہو کے چراغ روشن کرتے ہوئے قوم کے سروں کو فخر سے بلند کردیا ہے شہداء رند ہمارے سروں کے تاج .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

امن دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام، ملک کو عظیم تر بنائیں گے، راحیلہ درانی

دختر پاکستان ایوارڈ ملنے سے بلوچستان کی ماؤں، بیٹیوں، بہنوں کے حوصلے بلند ہوں گے، میرے لئے کسی انمول نعمت سے کم نہیں، وزیر تعلیم

میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف کی عوام دوست اقدامات سے بلوچستان ترقی کی جانب گامزن ہے، مرکزی رہنما ن لیگ

کارکنان پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچا کر بلوچستان کو مسلم لیگ ن کا قلعہ بنانے میں رول ادا کریں، رہنماؤں سے ملاقات میں گفتگو

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی سیاست کا محور بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام کی ترقی خوشحالی اور مسائل سے نجات ترقی یافتہ پاکستان ہے دختر پاکستان ایوارڈ .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پاکستان ریلوے کے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ جہانزیب خان اچکزئی سے مسلم لیگ ن کے رہنما ایڈووکیٹ فرید افغان کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

منشیات ناسور، نوجوان نسل کو محفوظ رکھنے کیلئے مہم ناگزیر ہے، مولانا ہدایت الرحمن

منشیات کی باآسانی دستیابی تشویشناک عمل، مافیا اور ان کے سرپرستوں کے خلاف کارروائی کی جائے، امیر جماعت اسلامی

منشیات کے عادی افراد کو نفرت نہیں، علاج اور بحالی کی ضرورت ہے، حکومت ری ہیب سینٹرز کی سہولیات بڑھائے

حکومتی عدم توجہی کے باعث منشیات تعلیمی اداروں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات تک پہنچ چکی ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ منشیات فروش انسانیت دشمن عناصر ہیں جو گھروں کو اجاڑنے اور خاندانوں کو تباہ کرنے کا سبب بن رہے ہیں بلوچستان کے ہر ضلع میں منشیات کی .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صدر عقیل احمد لغاری، محمد عباس، انجینئر چوہدری محمد سلیم و دیگر ضلعی و ناون عہدیداران کو نوٹیفکیشن دینے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

نابالغ بندیا کماری کی جبری شادی قابل مذمت ہے، چوہدری رام چند

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) کم عمر اور نابالغ ہندو بچی بندیا کماری کی مبینہ مذہبی تبدیلی قابل مذمت ہے حکومت فوری بازیابی کو یقینی بنائے۔ چوہدری رام چند ایڈووکیٹ معروف قانون دان ممبر ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) اور وائس چیئرمین بلوچستان ہندو کونسل نے بلوچستان کے شہر سبی سے تعلق رکھنے والی نوعمر نابالغ ہندو بچی بندیا کماری کی مبینہ جبری مذہبی تبدیلی کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مغویہ بندیا کماری کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے۔

کم عمر بچیوں کے حقوق و تحفظ پر سمجھوتہ قبول نہیں، نجیبے کمار پنچوانی

سبی میں 14 سالہ ہندو بچی کی مبینہ جبری مذہب کی تبدیلی اور شادی قابل مذمت ہے

ایسے واقعات پر خاموشی کی بجائے قانونی چارہ جوئی ناگزیر ہے، پارلیمانی سیکرٹری

نصیر آباد (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری برائے بین المذاہب ہم آہنگی نجیبے کمار پنچوانی نے ضلع سبی میں 14 سالہ ہندو بچی کی مبینہ جبری مذہب کی تبدیلی اور شادی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کم عمر بچیوں کے حقوق، تحفظ اور قانونی حیثیت .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سیکورٹی فورسز قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں، فیصل خان جمالی

سیاسی دکان چمکانے کیلئے فورسز پر تنقید ناقابل برداشت ہے

پی ٹی آئی اور اپوزیشن مذاکرات کا راستہ اپنائیں، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ فورسز پاکستانی عوام کے ماتھے کا جھومر اور فخر ہے قیام امن کے لیے فورسز کی لازوال قربانیوں کو ہرگز فراموش نہیں کیا جا سکتا پاکستانی عوام اپنے .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مسلح افراد پراپرٹی ڈیلر سے ڈھائی کروڑ لوٹ کر باآسانی فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر نامعلوم مسلح افراد دکاندار سے کروڑوں روپے، موبائل فون لیکر فرار ہوگئے مشتعل افراد نے احتجاجاً روڈ بلاک کرکے احتجاج کیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز مشرقی بائی پاس پر مسلح افراد پراپرٹی کی دکان میں داخل ہوئے اور وہاں سے ڈھائی کروڑ سے زائد مالیت کی نقدی، موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر علاقے کی .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

اقتدار کا لالچ نہیں، مسلح افواج کے ساتھ ہیں، شرجیل میمن

پی ٹی آئی نے صوبے کو محاذ آرائی کی سیاست کا یرغمال بنا رکھا ہے

کراچی (آئی این پی) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے کبھی اقتدار کا لالچ نہیں کیا، ہم مسلح افواج کے ساتھ ہیں۔ ملک کی موجودہ سیاسی .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سندھ کی شنگھائی الیکٹرک کو سرمایہ کاری اور تعاون بڑھانے کی دعوت

صوبے میں شمسی اور ہوائی توانائی کی نمایاں صلاحیت موجود ہے، سید مراد علی شاہ

شنگھائی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے شنگھائی الیکٹرک گروپ کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی، جس میں قابل تجدید توانائی، بجلی کے بنیادی ڈھانچے .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس کسی کا ذاتی ملازم یا زر خرید غلام نہ بنے، مولانا عبدالرحمان رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت کاکڑ

صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ ہے، صوبائی وزیر صحت

کوشش ہے بلوچستان کے عوام کو علاج کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں کی بہتری .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک فلسطینی شہید، متعدد زخمی

خان یونس میں بھی اسرائیلی فوجی گاڑیوں کی شدید گولہ باری

غزہ (آئی این پی) غزہ شہر میں ہفتے کے روز شہریوں کے ایک اجتماع پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق غزہ شہر کے شمال مشرق میں واقع تفح محلے میں ایک اسرائیلی ڈرون کے حملے میں ایک نامعلوم .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کی سلامتی و خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، بی اے پی

مولانا اقتدار کیلئے شارٹ کٹ کی بجائے انتخابات کا انتظار کریں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) نے قومی اداروں کے خلاف جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ بیانات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی سلامتی اور ملکی خودمختاری کو ذاتی و سیاسی مفادات کی بھینٹ چڑھانا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

زخمی پولیس اہلکار جنید احمد کی ٹانگ کاٹ دی گئی

کوئٹہ (یو این اے) جوائنٹ روڈ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکار جنید احمد کی ایک ٹانگ کاٹ دی گئی، جبکہ اسی واقعے میں اہلکار .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایران سے نئی خریداری فی الحال روک دی جائے، ایوان صنعت و تجارت

تاجر درآمدی معاملات میں کسی بھی پیش رفت سے قبل متعلقہ حکام سے موجودہ قانونی صورت حال کی تصدیق کرلیں

جاری ہدایات پر عمل اور متعلقہ حکام کی جانب سے EIF Waive کے حوالے سے واضح پالیسی سامنے آنے تک محتاط رہیں، ہدایت

کوئٹہ (آئی این پی) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان نے ایران سے درآمدات کرنے والے اپنے تمام ممبران اور تاجر برادری کو اہم تجارتی اطلاع دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ وزارت تجارت حکومت پاکستان کی جانب سے EIF Waiver میں توسیع سے متعلق حکم نامہ واپس لئے جانے کے بعد ایران سے نئی خریداری اور مال کی بکنگ فی الحال روک دی جائے تاکہ تاجروں کو ممکنہ مالی نقصان اور کسٹم کلیئرنس کے مسائل سے محفوظ رکھا جا سکے۔ ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ اطلاع کے مطابق وزارت .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں جمہوریت کا نظام مکمل ناکام ہو چکا، مولانا محمود الحسن قاسمی

ملک کو دلدل سے نکالنے کا واحد راستہ صرف اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے، رہنما جمعیت ن

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نے کہا ہے کہ پاکستان میں مروجہ جمہوریت کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے، اور ملک کو موجودہ دلدل سے نکالنے کا واحد راستہ صرف اور صرف اسلامی نظام کا نفاذ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل یقینی بنائیں گے، سلیم کھوسہ

صوبے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، مواصلاتی رابطوں اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی ابتدائی مالیاتی توازن مسلسل تیسرے سال سرپلس رہا، اسٹیٹ بینک

حقیقی جی ڈی پی نمو مالی سال 26ء میں 3.7 فیصد تک پہنچ گئی، آئندہ برس یہ 3.5 سے 4.5 فیصد کی رینج میں رہنے کی توقع ہے

محتاط معاشی پالیسیوں کے نتیجے میں معیشت زیادہ مستحکم ہونے کے بعد ملکی اور بیرونی دھچکوں کا بہتر مقابلہ کرسکتی ہے، گورنر جمیل احمد

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بینک دولت پاکستان جمیل احمد نے آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر سرکردہ عالمی مالی اداروں کے سرمایہ کاروں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں میں پاکستان کے بہتر ہوتے ہوئے معاشی حالات اور اقتصادی امکانات کو اجاگر کیا۔ یہ اجلاس تھائی لینڈ کے دارالحکومت بینکاک میں 12 سے 17 اکتوبر کے دوران منعقد ہوئے۔ ان ملاقاتوں کا اہتمام جے پی مورگن، سٹی بینک، جیفریز، ڈوئچے بینک، بارکلیز، بینک آف امریکہ، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ، اور متسوبشی یو ایف جے فنانشل گروپ نے کیا اور ان کے سینئر عہدیداران .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: آئی ٹی یونیورسٹی کے قریب ٹرین حادثے کی جگہ پر لوگ جمع ہیں

غیر سنجیدہ فیصلوں کے باعث ملکی سلامتی خطرے میں پڑ چکی، جمعیت نظریاتی

تمام دفاعی، معاشی اور امن و امان کے فیصلے فوری طور پر پارلیمنٹ کے سپرد کیے جائیں، مولانا عبدالقادر لونی، مولانا محمود الحسن قاسمی

پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے باعث معصوم بچوں کی شہادت دلخراش سانحہ ہے، مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان تکیال، صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ اور صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی نے پشاور میں پیش آنے والے دلخراش سانحہ میں درجنوں بچوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بھنگ کی کاشت کیخلاف کارروائیوں کا شیڈول مرتب

کوئٹہ (غ ن) بلوچستان میں بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے انسداد بھنگ مہم 2026ء کے تحت ضلع قلعہ عبداللہ، دوبندی اور گلستان سمیت مختلف علاقوں میں مرحلہ وار کارروائیوں کا شیڈول مرتب کرلیا گیا ہے۔ محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان اس مہم میں متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر انسداد منشیات کی کوششوں میں اپنا کردار ادا کررہا ہے۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ دوبندی کے مختلف علاقوں میں 15 سے 22 اکتوبر جبکہ گلستان اور قلعہ عبداللہ میں 21 اکتوبر سے یکم نومبر 2026ء تک انسداد بھنگ مہم جاری رہے گی

کوئٹہ: رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی کچلاک میں شمولیت کے موقع پر خطاب کررہے ہیں